**DIRECTORATE**
**GENERAL PUBLIC RELATIONS**
**BALOCHISTAN**

**نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ**
**حکومت بلوچستان**

**مورخہ 16.04.2025**

| نمبر شمار | اہم قومی ومقامی خبریں | اخبارات |
|---|---|---|
| 01 | پٹرول بچت فائدہ بلوچستان پر خرچ عالمی منڈی میں کمی صارفین تک منتقلی کی بجائے کچھی کینال اور N-25 پر خرچ کرینگے، وزیر اعظم | جنگ ودیگر اخبارات |
| 02 | مستونگ میں پولیس بس پر حملہ تین اہلکار شہید 23 زخمی، ہسپتالوں میں ایمرجنسی نافذ، وزیر اعلیٰ بلوچستان | جنگ ودیگر اخبارات |
| 03 | ریاستی اداروں پر حملہ نا قابل برداشت ہے، بخت محمد کاکڑ | انتخاب ودیگر اخبارات |
| 04 | دہشتگردی کیخلاف پوری قوم اور حکومت متحد ہے، عبدالرحمن کھیتران | مشرق ودیگر اخبارات |
| 05 | مستونگ بی سی کی گاڑی کے قریب دھماکہ تین اہلکار شہید 18 زخمی | جنگ ودیگر اخبارات |
| 06 | دہشت گردی کا ناسور ختم کرنے کے لئے حکومت پر عزم ہے، صادق عمرانی | مشرق ودیگر اخبارات |
| 07 | بلوچستان کا امن کسی کو خراب کرنے نہیں دینگے، شعیب نوشیروانی | جنگ ودیگر اخبارات |
| 08 | بے گناہ افراد کو نشانہ بنانے سے حقوق حاصل نہیں کر سکتے، نوابزادہ حمزہ زہری | جنگ ودیگر اخبارات |
| 09 | بلوچستان کا امن تباہ کرنے کی سازش کی جا رہی ہے، نور محمد دمڑ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 10 | حب اور لسبیلہ کی ترقی کیلئے بھرپور کردار ادا کرینگے، ظہور بلیدی | جنگ ودیگر اخبارات |
| 11 | دہشتگردوں کی 10 نسلیں بھی بلوچستان کا کچھ نہیں بگاڑ سکتیں، آرمی چیف | جنگ ودیگر اخبارات |
| 12 | ماہ رنگ کی گرفتاری کیخلاف متعلقہ فورم سے رجوع کریں، ہائی کورٹ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 13 | ریکوڈک منصوبہ عملی پیشرفت کے نئے مرحلے میں داخل، عالمی سرمایہ کاروں کی توجہ مرکوز | جنگ ودیگر اخبارات |
| 14 | سردار اختر مینگل دھرنا ختم کر دیں ریاست کا نظام چلتا رہے گا، نوابزادہ خالد مگسی | جنگ ودیگر اخبارات |
| 15 | ایف سی کے زیر اہتمام نوشکی میں ای کامرس پروگرام کا افتتاح | جنگ ودیگر اخبارات |
| 16 | خسرے سے متاثرہ تحصیل زہری میں امدادی ٹیم پہنچ گئی | جنگ ودیگر اخبارات |
| 17 | مائنز اینڈ منرلز ایکٹ کی منظوری بلوچ، پشتون اقوام کیساتھ کھلی دشمنی ہے، پشتونخوا میپ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 18 | افغان مہاجرین کا انخلاء حکومتی پالیسی کمزور ہے، جماعت اسلامی | جنگ ودیگر اخبارات |

## امن وامان:

کوئٹہ نشے کے عادی شخص کی فائرنگ سے بیوی اور دو بیٹے ہلاک بہو زخمی، مشرقی بائی پاس ہیر ڈریسر کی دکان پر فائرنگ سے حجام ہلاک، مستونگ میں پولیس کی بس کے قریب دھماکہ تین جوان شہید، 20 زخمی، اوستہ محمد لین دین کے معاملے پر فائرنگ سے ایک شخص جاں بحق،

## عوامی مسائل:

کوئٹہ میں نشے کے عادی افراد کی تعداد میں تشویشناک حد تک اضافہ، سول لائن تھانے کے سامنے کھڑے بیگار کے کنٹینرز کی بیڑیاں چوری ہوگئیں،

**DIRECTORATE**
**GENERAL PUBLIC RELATIONS**
**BALOCHISTAN**

**نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ**
**حکومت بلوچستان**

**مورخہ** 16.04.2025

## اداریہ:

روزنامہ آزادی کوئٹہ نے "**جامعہ بلوچستان میں تدریسی عمل کی بحالی احسن اقدام!**" کے عنوان سے اداریہ تحریر کیا ہے کہ بلوچستان یونیورسٹی میں ایک ماہ بعد تدریسی عمل بحال ہوگیا، یونیورسٹی کو گزشتہ ماہ سیکورٹی خدشات کے باعث بند کیا گیا تھا، بلوچستان یونیورسٹی کی انتظامیہ کے مطابق یونیورسٹی میں تدریسی سرگرمیاں ورچوئل لرننگ پر منتقل کردی گئی تھیں، یونیورسٹی اکیڈمک سٹاف ایسوسی ایشن کے رہنما پروفیسر کلیم اللہ کا کہنا ہے کہ بلوچستان یونیورسٹی کا مالی بحران برقرار ہے یونیورسٹی اساتذہ اور ملازمین کو تاحال مارچ کی تنخواہیں نہیں ملیں، بہرحال بلوچستان یونیورسٹی میں تدریسی عمل شروع ہونے سے طلبہ کی تعلیمی سرگرمیاں جاری رہیں گی، بلوچستان یونیورسٹی صوبے کی سب سے بڑی جامعہ ہے جہاں کوئٹہ سمیت بلوچستان کے دور دراز علاقوں سے تعلق رکھنے والے طلبا و طالبات کی بڑی تعداد تعلیم حاصل کررہی ہے جامعہ کی بندش سے یقیناً تدریسی عمل پر منفی اثرات مرتب ہوں گے اور وہ بھی ایک ایسے صوبہ میں جہاں پہلے سے ہی متعدد سکولز بند پڑے ہیں۔

## اداریے:

روزنامہ مشرق کوئٹہ نے "**دہشت گردی کا ناسور: سیاسی وعسکری قیادت کا دوٹوک موقف**" کے عنوان سے اداریہ تحریر کیا ہے۔

روزنامہ بلوچستان ٹائمز کوئٹہ نے "Sale of Substandard food" کے عنوان سے اداریہ تحریر کیا ہے۔

## مضامین:

روزنامہ سنچری ایکسپریس کوئٹہ نے "**بی این پی دھرنا حکومت سے مذاکرات نہ ہونے پر سیاسی صورتحال کشیدہ**" کے عنوان سے رضا الرحمان کا مضمون تحریر کیا ہے۔

**برائے ڈائریکٹر جنرل**
**نظامت تعلقات عامہ بلوچستان**

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 1

Dated: 16 APR 2025

Page No. 1

## بلوچستان پاکستان کی تقدیر، ماتھے کا جھومر، دہشتگردوں کی 10 نسلیں بھی کچھ نہیں بگاڑ سکتیں، اوورسیز پاکستانی وہ روشنی ہیں جو اقوام عالم پر پڑتی ہے، آرمی چیف

# پٹرول بچت فائدہ بلوچستان پر خرچ

## عالمی منڈی میں کمی صارفین تک منتقلی کی بجائے کچھی کینال اور N-25 پر خرچ کریں گے، وزیراعظم

### اوورسیز پاکستانیز کیلئے خصوصی عدالتیں قائم، میڈیکل کالجز 15، جامعات میں 5 فیصد کوٹہ، گرین چینل بحال و دیگر رعایتیں دینگے، شہباز شریف کا بینہ و تقریب سے خطاب

### ایم 6 اور ایم 9 وفاق خود بنائے گا، خونی سڑک کو خوشحال شاہراہ میں بدلنا ہے، وزیراعظم، کنونشن میں آرمی چیف کے حق میں نعرے

اسلام آباد (نمائندہ جنگ) وزیراعظم محمد شہباز شریف نے اعلان کیا کہ عالمی منڈی میں پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں ہونے والی کمی کو صارفین تک منتقل کرنے کی بجائے اس رقم کو بلوچستان کی سب سے اہم شاہراہ N-25 (چمن۔کوئٹہ۔قلات۔خضدار۔کراچی شاہراہ) کو دورویہ کرنے میں استعمال کیا جائے گا، اس خونی سڑک کو خوشحال شاہراہ میں بدلنا ہے، یہی بچت کچھی کینال کا فیز 2 بھی مکمل کرنے پر خرچ کی جائے گی۔ ایم 6 اور ایم 9 موٹروے وفاق خود شفاف طریقے سے بنائے گا، شہباز شریف نے سمندر پار پاکستانیوں کیلئے متعدد سہولیات اور مراعات کے حامل جامع پیکیج کا اعلان کرتے ہوئے کہا کہ اوورسیز پاکستانیوں کے مسائل سے متعلقہ مقدمات نمٹانے کیلئے وفاق کی سطح پر خصوصی عدالتیں قائم کر دی گئی ہیں، وفاقی چارٹرڈ یونیورسٹیوں کی 10 ہزار نشستوں میں اوورسیز پاکستانیوں کے بچوں کیلئے پانچ فیصد اور وفاق کے ڈگری تفویض کرنے والے اداروں میں بھی پانچ فیصد جبکہ میڈیکل کالجز میں 15 فیصد کوٹہ مختص ہوگا، گرین چینل کو دوبارہ چند ہفتوں میں آپریشنل بنائیں گے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے منگل کو یہاں سمندر پار پاکستانیوں کے کنونشن اور وفاقی کابینہ کے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ تفصیلات کے مطابق وفاقی کابینہ کا اجلاس شہباز شریف کی زیر صدارت ہوا۔ اجلاس کے شرکاء سے خطاب کرتے ہوئے وزیراعظم نے اعلان کیا کہ عالمی مارکیٹ میں پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں ہونے والی کمی کو صارفین تک منتقل کرنے کی بجائے اس رقم کو بلوچستان کی سب اہم شاہراہ 25 (چمن، کوئٹہ، قلات، خضدار، کراچی شاہراہ) دو رویہ کرنے میں استعمال کیا جائے گا تاکہ بلوچستان کے عوام کو سفر کی بہترین سہولیات میسر آسکیں۔ وزیراعظم نے ہدایت کی کہ قومی شاہراہ بحالی موٹروے کے معیار پر کی جائے جبکہ مزید برآں اسی بچت سے کچھی کینال کا فیز 2 بھی مکمل کر کے استعمال ہوگی جس سے صوبہ بلوچستان کی سیکڑوں ایکڑ زمین سیراب ہوگی اور صوبے سمیت پاکستان بھر میں خوشحالی آئے گی۔ شہباز شریف کا کہنا تھا کہ 8 بے گناہ پاکستانیوں کو شہید کر دیا گیا جس کی جتنی بھی مذمت کریں کم ہے، وزیر خارجہ کی ایرانی ہم منصب سے گفتگو ہوئی ہے، امید کی جانی چاہیے کہ ایرانی حکومت قاتلوں کو گرفتار کر کے قرار واقعی سزا دے گی۔ شہباز شریف کا کہنا تھا کہ ہم نے بہت سوچ بچار کے بعد یہ طے کیا ہے کہ کراچی، قلات، خضدار، کوئٹہ چمن شاہراہ جسے خونی سڑک کہتے ہیں جو ایک سنگل روڈ ہے لیکن یہ فنڈز کے بغیر مکمل نہیں ہوگی۔ 300 ارب کی لاگت سے دو سال میں یہ ہائی وے مکمل ہو جائے گی، پاکستان میں خیبر پختونخوا سے سکھر تک بہترین موٹرویز بن چکی ہیں اور اب سکھر، حیدرآباد، کراچی تک موٹروے بننے جا رہی ہے، ایم 6 اور ایم 9 وفاق خود شفاف طریقے سے بنائے گا۔ ان کا کہنا تھا کہ 2 ہزار لوگ اس خونی سڑک نے نگل لیے ہیں، بلوچستان دیکھ رہا ہے کہ مردان سے سکھر تک موٹروے بن گئی لیکن ہمارا کیا قصور ہے کہ ہمارے پاس کوئی اس طرح کی سڑک نہیں ہے۔ دریں اثناء سمندر پار پاکستانیوں کے کنونشن سے خطاب کرتے ہوئے وزیراعظم کا کہنا تھا کہ میرپور انٹرنیشنل ایئرپورٹ کی فزیبلٹی اسٹڈی جلد شروع کی جائے گی، سمندر پار پاکستانیوں کو مقدمات کے اندراج کیلئے پاکستانی سفارتخانوں میں ای۔فائلنگ کی سہولت 60 دن میں فراہم کر دی جائے گی، بیرونی دنیا میں اپنے شعبہ میں نمایاں کارکردگی کا مظاہرہ کرنے والے 15 سمندر پار پاکستانیوں اور اسٹیٹ بینک کے ذریعے سب سے زیادہ سرمایہ پاکستان بھجوانے والے 15 سمندر پار پاکستانیوں کو ہر سال سول ایوارڈ دیا جائے گا، بیرون ملک مقیم پاکستانی خواتین کی پاکستان میں سرکاری ملازمتوں کیلئے عمر کی بالائی حد میں رعایت پانچ سال سے بڑھا کر سات سال کی جا رہی ہے، سمندر پار مقیم پاکستانی مادر وطن میں بڑھ چڑھ کر سرمایہ کاری کریں، ان کو درپیش مسائل خود حل کروں گا، سمندر پاکستانیز سوشل میڈیا پر منفی پروپیگنڈہ کی روک تھام میں اپنا موثر کردار ادا کریں۔ شہباز شریف کا کہنا تھا کہ اوورسیز پاکستانیوں کیخلاف جعلی مقدمہ بازی کی روک تھام کیلئے سول کورٹ کے طریقہ کار میں فی الفور ترمیم کی جائے گی، مدعی کو عدالت کی اجازت کے بعد دفاع کا حق حاصل ہوگا۔ ایف بی آر اوورسیز پاکستانیوں کو کاروباری لین دین اور بینک کے معاملات میں بطور فائلر شمار کرے گا، نیوٹیک اوورسیز پاکستانیوں کے پانچ ہزار بچوں کو ہنرمندی کے کورسز کرائے گا، بورڈ آف ریونیو پنجاب اور بلوچستان میں سمندر پار پاکستانیوں کی سہولت کیلئے خصوصی آفس مختص کیے گئے ہیں۔ سمندر پار پاکستانیوں کیلئے محتسب کے دفتر میں بھی الگ ونڈو قائم کر دی گئی ہے جہاں پر ای میل اور واٹس ایپ کے ذریعے شکایت کا اندراج کرایا جاسکے گا۔ انہوں نے سمندر پار پاکستانیوں کو دعوت دی کہ وہ اپنا سرمایہ پاکستان لے کر آئیں، انہیں براہ راست اس مقصد کیلئے میرے دفتر تک رسائی ہوگی۔ وزیراعظم نے کہا کہ پاکستان کے سپہ سالار جنرل عاصم منیر سچے پاکستانی اور پیشہ ور سپہ سالار ہیں، پاک فوج کے ہاتھوں میں پاکستان کا دفاع ناقابل تسخیر ہے، کوئی پاکستان کی طرف میلی آنکھ سے نہیں دیکھ سکتا، پاکستان کی طرف دیکھنے والی میلی آنکھ پھوڑ دی جائے گی، اس وقت جو دہشت گردی پھیلائی گئی ہے اس کے تانے بانے کہاں ملتے ہیں، ہم سب جانتے ہیں، دہشت گردی کو پروموٹ اور فنڈنگ کرنے والوں سے ہم واقف ہیں۔ ہماری فورسز کے جوان اپنے بچوں کو یتیم کر کے لاکھوں پاکستانی بچوں کو یتیم ہونے سے بچاتے ہیں تاہم افسوس کی بات ہے کہ سوشل میڈیا پر غلیظ زبان استعمال کی جاتی ہے، وطن کی خاطر قربانی دینے والے جوانوں کے خلاف سوشل میڈیا پر زہر اگلا جائے اسے برداشت نہیں کیا جاسکتا، اس کیلئے کوئی نرم گوشہ نہیں رکھا جاسکتا اور یہی ہارڈ سٹیٹ کے تقاضے ہیں۔

اسلام آباد (نمائندہ جنگ) پاک فوج کے سربراہ جنرل عاصم منیر نے کہا کہ کیا پاکستان کے دشمنوں کا یہ خیال ہے کہ مٹھی بھر دہشتگرد پاکستان کی تقدیر کا فیصلہ کر سکتے ہیں؟ دہشتگردوں کی دس نسلیں بھی بلوچستان اور پاکستان کا کچھ نہیں بگاڑ سکتیں، بلوچستان پاکستان کی تقدیر اور ہمارے ماتھے کا جھومر ہے، جو پاکستان کی ترقی کے راستے میں حائل ہوگا ہم مل کر اس رکاوٹ کو ہٹا دیں گے، بیرون ملک مقیم پاکستانی صرف پاکستان کے سفیر ہی نہیں بلکہ پاکستان کی وہ روشنی ہیں جو پورے اقوام عالم پر پڑتی ہے، ان خیالات کا اظہار انہوں نے منگل کو پہلے اوورسیز پاکستانیز کنونشن سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ کنونشن کے آغاز پر اوورسیز پاکستانیوں نے آرمی چیف کے حق میں نعرے بھی لگائے۔ اپنے خطاب جنرل عاصم منیر کا کہنا تھا کہ جب تک ملک کے غیور عوام افواج پاکستان کے ساتھ کھڑے ہیں، آپ کی فوج ہر مشکل سے باآسانی نبرد آزما ہو سکتی ہے نامساعد حالات کے آگے بطور مسلمان اور پاکستانی نہیں گھبراتے، ہم کبھی بھی مشکلات اور دشواریوں کے سامنے جھکے ہیں نہ جھکیں گے، کشمیر پاکستان کی شہ رگ تھا، ہے اور ہمیشہ رہے گا، پاکستانیوں کا دل ہمیشہ غزہ کے مسلمانوں کے ساتھ دھڑکتا ہے۔ آرمی چیف نے کہا کہ جو لوگ برین ڈرین کا بیانیہ بناتے ہیں وہ جان لیں کہ یہ برین ڈرین نہیں بلکہ برین گین ہے اور بیرون ملک پاکستانی اسکی عمدہ ترین مثال ہیں، آپ سب نے پاکستان کی کہانی اپنی اگلی نسل کو سنانی ہے، وہ کہانی جس کی بنیاد پر ہمارے آباؤ اجداد نے پاکستان حاصل کیا۔ آرمی چیف نے اوورسیز پاکستانیوں سے مخاطب ہو کر کہا کہ آپ جس ملک میں بھی ہوں، یاد رکھیں کہ آپکی میراث ایک اعلیٰ معاشرے، نظریے اور تہذیب سے ہے۔ جب تک غیور عوام افواج پاکستان کے ساتھ کھڑے ہیں پاکستان کو کوئی نقصان نہیں پہنچا سکتا۔ آپ ہمیشہ اپنا سر فخر سے بلند رکھیں، کیونکہ آپ کا تعلق کسی عام ملک سے نہیں، بلکہ آپ ایک عظیم اور طاقتور ملک کے نمائندے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کی ترقی کا سفر جاری ہے، سوال یہ نہیں کہ پاکستان نے کب ترقی کرنی ہے، بلکہ اصل سوال یہ ہے کہ پاکستان نے کتنی تیزی سے ترقی کرنی ہے۔

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

Daily: Balochistan Time Quetta


Bullet No. 1

Dated: 16 APR 2025 Page No 2

# Oil prices relief to be diverted to fund Balochistan projects: PM

## Unveils special courts, other incentives for overseas Pakistanis

## 'Even ten generations of terrorists can't harm Pakistan': COAS



**Staff Report**

**ISLAMABAD:** Prime Minister Muhammad Shehbaz Sharif on Tuesday announced that instead of passing on the relief of reduced oil prices in international market to the consumers, the government would use the saved money for the reconstruction of the N-25 Highway and completion of Phase-II of the Kachhi Canal project in Balochistan.

The prime minister made the announcement while chairing the federal cabinet meeting here, where he declared the transformation of the N-25, known infamously as the "deadly road", into a motorway-standard highway.

He said that the decision reflected the national commitment to Balochistan's development and an end to years of neglect.

"From a political and social perspective, it's time we addressed the disparity. While motorways run through many parts of the country, Balochistan has waited far too long. We will now change the fate of the N-25, from being a highway of tragedy to a highway of prosperity," said the prime minister.

He underlined that the N-25, connecting Karachi to Chaman via Quetta, Kalat, and Khuzdar, had claimed more than 2,000 lives in recent years due to its poor condition and single-lane structure.

PM Shehbaz announced that the Rs300 billion reconstruction project would now move forward under federal government's supervision, with third-party validation to ensure high standards.

"We will build this as a top-class road, and I, along with Balochistan Chief Minister Mir Sarfaraz Bugti, will personally supervise the progress," the prime minister stated.

The highway was first approved in FY2022-23, but progress stalled due to funding gaps. The revival of the project is now being supported by a reallocation of resources made possible by falling global petroleum prices. Rather than passing on the full relief to consumers, the government opted to invest in strategic infrastructure, the prime minister said.

He also told the cabinet members that Phase-II of the Kachhi Canal—a Rs70 billion irrigation project—would also be completed using the same pool of funds.

"If completed, this project will irrigate vast area of Balochistan's arid land. It can transform agriculture, improve livelihoods, and address food security. The only condition is hard work," he said.

Prime Minister Shehbaz emphasized the judicious allocation of resources keeping in view the needs of all federating units.

He highlighted the Rs70 billion solarization of tubewells in Balochistan—a joint initiative of the federal and provincial governments—as a shining example of this collaboration, with the federal government covering 70% of the cost.

The federal cabinet also took several key decisions, including approval of amendments to the Petroleum Levy Ordinance (1961) to boost national revenues, endorsement of the Sustainable Investment Sukuk Framework for issuing domestic securities supporting environmental and renewable energy projects, greenlight for a bill to establish the National Agri-Trade and Food Safety Authority, promoting agricultural reform and food security.

On the occasion, Balochistan Chief Minister Mir Sarfaraz Bugti, attending as a special guest, lauded the Prime Minister's decision to prioritize long-ignored projects in Balochistan.

"The N-25 was indeed a bloody road, but today you have shown compassion by diverting national resources to address the pain and deprivation of the people of Balochistan," Bugti added.

Prime Minister Shehbaz Sharif announced on Tuesday a special package for overseas Pakistanis, including the establishment of special courts for the speedy disposal of their cases in the country.

Paying tribute to their services for the nation, the premier made the announcement while addressing the First Annual Overseas Pakistanis' Convention in the federal capital, a day after the country recorded record remittances of $4.1 billion. "Special courts have been established in Islamabad for speedy disposal of cases related to overseas Pakistanis," he added.

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Bullet No. 1

Page No. 3



THE DAILY JANG QUETTA

روزنامہ جنگ کوئٹہ

بانی میر خلیل الرحمٰن

قیمت 30 روپے

جلد 54 | بدھ 17 رشوال المکرم 1446ھ 16 اپریل 2025ء | نمبر 104


# مستونگ میں پولیس بس پر حملہ 3 اہلکار شہید 23 زخمی

**ہسپتالوں میں ایمرجنسی نافذ**

حملے کیلئے موٹر سائیکل میں دھماکہ خیز مواد نصب کیا گیا تھا، شہداء اور زخمی پولیس ٹریننگ سنٹر قلات میں تربیت حاصل کر رہے تھے

**شہید ہونے والوں کا تعلق بی پسنی اور ڈیرہ بگٹی سے تھا، بے گناہ انسانی جانوں سے کھیلنے والے کسی رعایت کے مستحق نہیں، وزیراعلیٰ بگٹی**

مستونگ (نامہ نگار) پولیس کی بس پر موٹر سائیکل میں نصب بارودی مواد کے ذریعے دھماکہ کیا گیا جس کے نتیجے میں 3 اہلکار شہید اور 23 زخمی ہو گئے۔ زخمیوں میں بیشتر کی حالت تشویشناک مستونگ کے ہسپتالوں میں ایمرجنسی نافذ کر دی گئی شدید زخمیوں کو طبی امداد کے بعد کوئٹہ ٹراما سینٹر ریفر کر دیا گیا۔ تفصیلات کے مطابق منگل کی صبح دس بجے مستونگ شہر سے متصل علاقے شمس آباد میں دشت روٹ پر پولیس کی بس پر موٹر سائیکل میں نصب بم سے حملہ کیا گیا پولیس اہلکاروں کا تعلق بلوچستان کے مختلف اضلاع سے ہے جو قلات پولیس ریجنل ٹریننگ سینٹر میں کورس کر رہے تھے اور وہ دشت روٹ عارضی ڈیوٹی دینے کے لیئے قلات سے آرہے تھے دھماکے سے تین اہلکار محمد امین سکنہ بی، محمد وسیم سکنہ پسنی سے تھا اور عبدالحمید جن کا تعلق ڈیرہ بگٹی سے تھا موقع پر شہید ہوئے جب کہ 23 زخمیوں میں ممتاز احمد ظہور احمد نثار احمد عبدالغیاث ثناء اللہ سدیر احمد عبدالصمد ممتاز اسلم دل وس محمد حیات عدنان محمد قدیر احمد اللہ داد علی محمد عادل علی محمد سلیم قربان عبدالمالک ریاض احمد محمد انور نصیب اللہ عبدالرسول عبدالصمد شامل ہیں جو صوبے کے مختلف علاقوں سے تعلق رکھتے ہیں زخمیوں اور لاشیں شہید نواب غوث بخش رئیسانی میموریل ہسپتال مستونگ منتقل کر دیا گیا جہاں چیف ایگزیکٹو آفیسر عامر اقبال رئیسانی نے ایمرجنسی نافذ کردی گئی اور ایمرجنسی صورتحال کا خود جائزہ لیتے رہے ابتدائی طبی امداد فراہم کرنے کے بعد شدید زخمی اہلکاروں کو مزید علاج ومعالجے کے لیئے کوئٹہ ٹراما سینٹر منتقل کر دیا گیا پولیس کے مطابق دھماکہ سڑک کنارے کھڑے موٹر سائیکل میں نصب بم سے آئی ای ڈی کے ذریعے کیا گیا تاہم پولیس اور قانون نافذ کرنے والے سیکورٹی فورسز نے تباہ شدہ موٹر سائیکل اور جائے وقوعہ سے شواہد اکٹھے کر کے مزید تحقیقات شروع کی اور دھماکے کے بعد علاقے میں سیکورٹی ہائی الرٹ کر دی گئی اور واقعہ کی مختلف زاویوں سے تفتیش شروع کی۔

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے مستونگ میں ہونے والے دہشت گرد حملے کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ بے گناہ انسانی جانوں سے کھیلنے والے عناصر کسی رعایت کے مستحق نہیں۔ انہوں نے کہا کہ حکومت بلوچستان اس دلخراش واقعے میں شہید ہونے والوں کے خاندانوں کے دکھ میں برابر کی شریک ہے اور متاثرہ افراد کو ہر ممکن مدد و تعاون فراہم کیا جائے گا وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے ہدایت کی کہ مستونگ دھماکے میں زخمی ہونے والے تمام افراد کو فوری اور مؤثر طبی سہولیات فراہم کی جائیں انہوں نے اس سلسلے میں محکمہ صحت کو ہنگامی بنیادوں پر اقدامات کرنے کی ہدایت کی اور صوبائی وزیر صحت بخت کاکڑ کو طبی عمل کی براہ راست نگرانی کی ذمہ داری سونپی وزیراعلیٰ نے واضح کیا کہ زخمیوں کے علاج معالجے میں کسی قسم کی کوتاہی یا غفلت ناقابل برداشت ہوگی انہوں نے متعلقہ اداروں کو ہدایت کی کہ کوئٹہ کے تمام بڑے ہسپتال، بالخصوص بولان میڈیکل کالج اسپتال اور سول ہسپتال، الرٹ رہیں اور ایمرجنسی خدمات میں کسی قسم کی کمی نہ آنے دی جائے وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے اس موقع پر بلوچستان کے عوام کو یقین دہانی کرائی کہ حکومت اپنی تمام تر توانائیاں صوبے میں امن وامان قائم رکھنے کے لیے بروئے کار لا رہی ہے اور ایسے بزدلانہ واقعات قوم کے حوصلے پست نہیں کر سکتے۔

Daily MASHRIQ QUETTA

اللہ ہی کے لئے ہیں مشرق و مغرب (قرآن حکیم)

روزنامہ مشرق کوئٹہ

چیف ایڈیٹر بانی: سید ممتاز احمد

جلد 53 | بدھ 17 شوال 1446ھ 16 اپریل 2025ء، صفحات 08 | شمارہ 288

رجسٹرڈ BC-m-1 | Email. mashriqqta2008@gmail.com | PTCL 081-2827345, 081-2827344 | قیمت 30 روپے


# بزدلانہ واقعات قوم کے حوصلے پست نہیں کر سکتے، وزیراعلیٰ بلوچستان

**حکومت اپنی تمام تر توانائیاں صوبے میں امن وامان قائم رکھنے کے لیے بروئے کار لا رہی ہے، میر سرفراز بگٹی**

**مستونگ میں ہونے والے دہشت گرد حملے کی شدید الفاظ میں مذمت، زخمیوں کو بہترین علاج فراہم کرنے کی ہدایت**

**بولان میڈیکل کالج اسپتال اور سول اسپتال کا عملہ الرٹ رہے، خدمات میں کسی قسم کی کمی نہ آنے دی جائے، وزیراعلیٰ**

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے مستونگ میں ہونے والے دہشت گرد حملے کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ بے گناہ انسانی جانوں سے کھیلنے والے عناصر کسی رعایت کے مستحق نہیں۔ انہوں نے کہا کہ حکومت بلوچستان اس دلخراش واقعے میں شہید ہونے والوں کے خاندانوں کے دکھ میں برابر کی شریک ہے اور متاثرہ افراد کو ہر ممکن مدد و تعاون فراہم کیا جائے گا وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے ہدایت کی کہ مستونگ دھماکے میں زخمی ہونے والے تمام افراد کو فوری اور موثر طبی سہولیات فراہم کی جائیں انہوں نے اس سلسلے میں محکمہ صحت کو ہنگامی بنیادوں پر اقدامات کرنے کی ہدایت کی اور صوبائی وزیر صحت بخت کاکڑ کو طبی عمل کی براہ راست نگرانی کی ذمہ داری سونپی۔........

بقیہ 5 صفحہ نمبر 7 پر

وزیراعلیٰ نے واضح کیا کہ زخمیوں کے علاج معالجے میں کسی قسم کی کوتاہی یا غفلت ناقابل برداشت ہوگی انہوں نے متعلقہ اداروں کو ہدایت کی کہ کوئٹہ کے تمام بڑے ہسپتال، بالخصوص بولان میڈیکل کالج اسپتال اور سول ہسپتال، الرٹ رہیں اور ایمرجنسی خدمات میں کسی قسم کی کمی نہ آنے دی جائے وزیر اعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے اس موقع پر بلوچستان کے عوام کو یقین دہانی کرائی کہ حکومت اپنی تمام تر توانائیاں صوبے میں امن وامان قائم رکھنے کے لیے بروئے کار لارہی ہے اور ایسے بزدلانہ واقعات قوم کے حوصلے پست نہیں کر سکتے۔

روزنامہ ایکسپریس کوئٹہ

پاکستان کے 11 شہروں سے بیک وقت شائع ہونے والا واحد اخبار

جلد 23 شمارہ 123 | بدھ، 17 شوال، 16 اپریل 2025، صفحات 8 قیمت 40 روپے


# مستونگ دھماکے کی مذمت

# بیگناہ انسانی جانوں سے کھیلنے والے کسی عایت کے مستحق نہیں وزیراعلیٰ

## دل خراش واقعے میں شہید ہونے والوں کے خاندانوں کے دکھ میں حکومت برابر کی شریک ہے، میر سرفراز بگٹی

## صوبے میں امن وامان کے قیام کیلئے حکومت اپنی تمام تر توانائیاں بروئے کار لائے گی، حوصلے پست نہیں ہونگے

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے مستونگ میں ہونے والے دہشت گرد حملے کی شدید مذمت کرتے (باقی صفحہ 5 نمبر 24)

ہوئے کہا ہے کہ بے گناہ انسانی جانوں سے کھیلنے والے عناصر کسی رعایت کے مستحق نہیں۔ انہوں نے کہا کہ حکومت بلوچستان اس دلخراش واقعے میں شہید ہونے والوں کے خاندانوں کے دکھ میں برابر کی شریک ہے اور متاثرہ افراد کو ہر ممکن مدد وتعاون فراہم کیا جائے گا وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے ہدایت کی کہ مستونگ دھماکے میں زخمی ہونے والے تمام افراد کو فوری اور موثر طبی سہولیات فراہم کی جائیں انہوں نے اس سلسلے میں محکمہ صحت کو ہنگامی بنیادوں پر اقدامات کرنے کی ہدایت کی اور صوبائی وزیر صحت بخت کاکڑ کو طبی عمل کی براہ راست نگرانی کی ذمہ داری سونپی وزیراعلیٰ نے واضح کیا کہ زخمیوں کے علاج معالجے میں کسی قسم کی کوتاہی یا غفلت ناقابل برداشت ہوگی انہوں نے متعلقہ اداروں کو ہدایت کی کہ کوئٹہ کے تمام بڑے ہسپتال، بالخصوص بولان میڈیکل کالج اسپتال اور سول ہسپتال، الرٹ رہیں اور ایمرجنسی خدمات میں کسی قسم کی کمی نہ آنے دی جائے وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے اس موقع پر بلوچستان کے عوام کو یقین دہانی کرائی کہ حکومت اپنی تمام تر توانائیاں صوبے میں امن وامان قائم رکھنے کے لیے بروئے کار لا رہی ہے اور ایسے بزدلانہ واقعات قوم کے حوصلے پست نہیں کر سکتے۔

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

THE DAILY BAAKHABAR QUETTA

روزنامہ باخبر کوئٹہ

بانی اکرام اللہ خان

Bullet No. 1

Page No. 6

جلد 29 | بدھ 16 اپریل 2025ء بمطابق 17 شوال 1446ھ قیمت 20 روپے | شمارہ 103


## حکومت بلوچستان شہدا کے شانہ بشانہ کھڑی ہوگی، سرفراز بگٹی

### ملوث عناصر کسی رعایت کے مستحق نہیں، زخمیوں کے علاج ومعالجے میں کوئی غفلت برداشت نہیں کی جائے گی

کوئٹہ (یو این اے) وزیراعلیٰ بلوچستان سرفراز بگٹی نے بھی دھماکے کی شدید الفاظ میں مذمت کی اور شہید اہلکاروں کو خراج عقیدت جبکہ لواحقین کیلئے ہمدردی کا اظہار کیا۔ وزیراعلیٰ بلوچستان سرفراز بگٹی نے زخمیوں کو بہتر طبی امداد کی فراہمی اور وزیر صحت بخت کاکڑ کو زخمیوں کے علاج معالجے کی براہ راست نگرانی کی ہدایت کی ہے۔ سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ حکومت بلوچستان واقعے کی شدید مذمت کرتی ہے اور شہدا کے شانہ بشانہ کھڑی ہوگی، واقعے میں ملوث عناصر کسی رعایت کے مستحق نہیں، زخمیوں کے علاج و معالجے میں کوئی غفلت برداشت نہیں کی جائے گی۔

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Bullet No. 1

Page No. 7

روزنامہ میزان کوئٹہ
بانی: مولانا عبدالکریم
بیاد: حمد اللہ الرحمن
چیف ایڈیٹر: برکت علی
جلد 76
بدھ 16 اپریل 2025ء، 17 شوال المکرم 1446ھ
قیمت 20 روپے
شمارہ 224

# بیگناہ انسانی جانوں سے کھیلنے والے عناصر رعایت کے مستحق نہیں، وزیراعلیٰ بلوچستان

## مستونگ دھماکے میں متاثرہ افراد کو ہر ممکن مدد و تعاون فراہم کیا جائے گا، میر سرفراز بگٹی کی مستونگ میں ہونے والے دہشت گرد حملے کی شدید الفاظ میں مذمت

### کوئٹہ کے تمام بڑے ہسپتال، بالخصوص بولان میڈیکل کالج اسپتال اور سول ہسپتال، الرٹ رہیں اور ایمرجنسی خدمات میں کسی قسم کی کمی نہ آنے دی جائے، ہدایت

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے مستونگ میں ہونے والے دہشت گرد حملے کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ بے گناہ انسانی جانوں سے کھیلنے والے عناصر کسی رعایت کے مستحق نہیں۔ انہوں نے کہا کہ حکومت بلوچستان اس دلخراش واقعے میں شہید ہونے والوں کے خاندانوں کے دکھ میں برابر کی شریک ہے اور متاثرہ افراد کو ہر ممکن مدد و تعاون فراہم کیا جائے گا وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی (بقیہ 3 صفحہ 2پر)

نے ہدایت کی کہ مستونگ دھماکے میں زخمی ہونے والے تمام افراد کو فوری اور مؤثر طبی سہولیات فراہم کی جائیں انہوں نے اس سلسلے میں محکمہ صحت کو ہنگامی بنیادوں پر اقدامات کرنے کی ہدایت کی اور صوبائی وزیر صحت بخت کاکڑ کو طبی عمل کی براہ راست نگرانی کی ذمہ داری سونپی وزیراعلیٰ نے واضح کیا کہ زخمیوں کے علاج معالجے میں کسی قسم کی کوتاہی یا غفلت ناقابل برداشت ہوگی انہوں نے متعلقہ اداروں کو ہدایت کی کہ کوئٹہ کے تمام بڑے ہسپتال، بالخصوص بولان میڈیکل کالج اسپتال اور سول ہسپتال، الرٹ رہیں اور ایمرجنسی خدمات میں کسی قسم کی کمی نہ آنے دی جائے وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے اس موقع پر بلوچستان کے عوام کو یقین دہانی کرائی کہ حکومت اپنی تمام تر توانائیاں صوبے میں امن و امان قائم رکھنے کے لیے بروئے کار لا رہی ہے اور ایسے بزدلانہ واقعات قوم کے حوصلے پست نہیں کر سکتے۔

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Bullet No. 1

Page No. 8

Daily AZADI Quetta

روزنامہ آزادی کوئٹہ

بانی صدیق بلوچ

جلد نمبر-24 بدھ 16 اپریل 2025ء بمطابق 17 شوال 1446ھ قیمت 20 روپے شمارہ نمبر-103

# بے گناہ انسانی جانوں سے کھیلنے والے عناصر کسی رعایت کے مستحق نہیں

وزیراعلیٰ بلوچستان

## حکومت مستونگ میں ہونے والے دلخراش واقعے میں شہید اہلکاروں کے خاندانوں کے دکھ میں برابر کی شریک ہے

## مستونگ دھماکے میں زخمی ہونے والے افراد کو فوری اور مؤثر طبی سہولیات فراہم کی جائیں۔ متعلقہ حکام کو ہدایت

کوئٹہ (این این آئی) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے مستونگ میں ہونے والے دہشت گرد حملے کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ بے گناہ انسانی جانوں سے کھیلنے والے عناصر کسی رعایت کے مستحق نہیں۔ انہوں نے کہا کہ حکومت بلوچستان اس دلخراش واقعے میں شہید ہونے والوں کے خاندانوں کے دکھ میں برابر کی شریک ہے اور متاثرہ افراد کو ہر ممکن مدد و تعاون فراہم کیا جائے گا وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے ہدایت کی کہ مستونگ دھماکے میں زخمی ہونے والے تمام افراد کو فوری اور مؤثر طبی سہولیات فراہم کی جائیں انہوں نے اس سلسلے (بقیہ نمبر 6 صفحہ نمبر 2 پر)

میں محکمہ صحت کو ہنگامی بنیادوں پر اقدامات کرنے کی ہدایت کی اور صوبائی وزیر صحت بخت کاکڑ کو طبی عمل کی براہ راست نگرانی کی ذمہ داری سونپی وزیراعلیٰ نے واضح کیا کہ زخمیوں کے علاج معالجے میں کسی قسم کی کوتاہی یا غفلت ناقابل برداشت ہوگی انہوں نے متعلقہ اداروں کو ہدایت کی کہ کوئٹہ کے تمام بڑے ہسپتال، بالخصوص بولان میڈیکل کالج اسپتال اور سول ہسپتال، الرٹ رہیں اور ایمرجنسی خدمات میں کسی قسم کی کمی نہ آنے دی جائے وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے اس موقع پر بلوچستان کے عوام کو یقین دہانی کرائی کہ حکومت اپنی تمام تر توانائیاں صوبے میں امن وامان قائم رکھنے کے لیے بروئے کار لا رہی ہے اور ایسے بزدلانہ واقعات قوم کے حوصلے پست نہیں کرسکتے۔

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Bullet No. 1

Page No. 8

DAILY ZAMANA

روزنامہ زمانہ کوئٹہ

بانی: سید فصیح اقبال

چیف ایڈیٹر: محمد حیدر امین

جلد 80 | بدھ 16 اپریل 2025ء 17 شوال 1446ھ | صفحات 6 | قیمت 20 روپے | شمارہ 104

وزیراعلیٰ بلوچستان

# صوبے میں امن قائم رکھنے کیلئے تمام تر توانائیاں بروئے کار لا رہے ہیں

مستونگ دھماکے میں زخمی ہونے والے تمام افراد کو فوری اور مؤثر طبی سہولیات فراہم کی جائیں محکمہ صحت کو ہنگامی بنیادوں پر اقدامات کرنے کی ہدایت، صوبائی وزیر صحت بخت کاکڑ کو طبی عمل کی براہ راست نگرانی کی ذمہ داری سونپی ہے

## کوئٹہ کے تمام بڑے ہسپتال، بالخصوص بولان میڈیکل کالج اسپتال اور سول ہسپتال، الرٹ رہیں اور ایمرجنسی خدمات میں کسی قسم کی کمی نہ آنے دی جائے، میر سرفراز بگٹی

کوئٹہ (این این آئی) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے مستونگ میں ہونے والے دہشت گرد حملے کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ بے گناہ انسانی جانوں سے کھیلنے والے عناصر کسی رعایت کے مستحق نہیں۔ انہوں نے کہا کہ حکومت بلوچستان اس دلخراش واقعے میں شہید ہونے والوں کے خاندانوں کے دکھ میں برابر کی شریک ہے اور متاثرہ افراد کو ہر ممکن مدد و تعاون فراہم کیا جائے گا وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے ہدایت کی کہ مستونگ دھماکے میں زخمی ہونے والے تمام افراد کو فوری اور مؤثر طبی سہولیات فراہم کی جائیں انہوں نے اس سلسلے میں محکمہ صحت کو ہنگامی بنیادوں پر اقدامات کرنے کی ہدایت کی اور صوبائی وزیر صحت بخت کاکڑ کو طبی عمل کی براہ راست نگرانی کی ذمہ داری سونپی

وزیراعلیٰ نے واضح کیا کہ زخمیوں کے علاج معالجے میں کسی قسم کی کوتاہی یا غفلت ناقابل برداشت ہوگی انہوں نے متعلقہ اداروں کو ہدایت کی کہ کوئٹہ کے تمام بڑے ہسپتال، بالخصوص بولان میڈیکل کالج اسپتال اور سول ہسپتال، الرٹ رہیں اور ایمرجنسی خدمات میں کسی قسم کی کمی نہ آنے دی جائے وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے اس موقع پر بلوچستان کے عوام کو یقین دہانی کرائی کہ حکومت اپنی تمام تر توانائیاں صوبے میں امن و امان قائم رکھنے کے لیے بروئے کار لا رہی ہے اور ایسے بزدلانہ واقعات قوم کے حوصلے پست نہیں کر سکتے۔

CLIPPING SERVICE
DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN
نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Balochistan
antimes.pk
stantimes.pk
pk
92 NEWS MEDIA GROUP
balochistantimes.pk
Regd No. B.C.6 VOL XLV No. 1070 QUETTA Wednesday April 16, 2

# Bugti directs best medical treatment to Mastung Blast injured

**Staff Report**

**QUETTA:** Balochistan Chief Minister Mir Sarfaraz Bugti, while strongly condemning the terrorist attack in Mastung, has said that the elements playing with innocent human lives do not deserve any concession. He said that the Balochistan government shares the grief of the families of those martyred in this heartbreaking incident and all possible help and support will be provided to the affected people.

Chief Minister Mir Sarfraz Bugti has directed authorities to ensure the best possible medical treatment for the injured personnel in Mastung blast. He also instructed Provincial Health Minister Bakt Khan Kakar to personally oversee the treatment process of the injured police personnel.

"No negligence will be tolerated in the medical care of the injured," Chief Minister Bugti emphasized.

Condemning the attack on police personnel in Mastung, Bugti assured that the Balochistan government stands in solidarity with the families of the martyrs. "Those involved in this heinous act do not deserve any leniency," he added.

Following the deadly blast near Kund Masuri in Mastung, emergency has been declared at Bolan Medical College Hospital and Civil Hospital Quetta to accommodate the injured personnel, according to the Balochistan government spokesperson.The injured, many of them in critical condition, are being transferred from Mastung to Quetta for advanced medical care. At least three personnel of the Balochistan Constabulary were martyred while 19 others sustained injuries in a bomb blast targeting their vehicle on Dasht Road in the Mastung district on Tuesday. Moreover, Provincial Minister for Finance and Minerals Mir Shoaib Noshirwani strongly condemned the explosion on a police van in Mastung. In his condemnation statement, he said that no one will be allowed to disturb the peace of the province and steps are being taken to deal with them. We appreciate the sacrifices and efforts of our security agencies to suppress terrorism. Our cooperation is with the security agencies to uproot terrorism. Our government gives priority to providing peace and security to the people of the province. Provincial Minister for Finance and Minerals Mir Shoaib Noshirwani expressed condolences on the martyrdom of the police personnel in the Mastung police van explosion and said that I pray to Allah Almighty for the elevation of the ranks of the martyrs and the speedy recovery of the injured and express my heartfelt sympathy to the families.

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 1

Dated: 16 APR 2025 Page No. 13

## ریاستی اداروں پر حملہ ناقابلِ برداشت ہے' بخت محمد کاکڑ

**مستونگ میں پولیس وین پر حملہ قومی سلامتی پر حملہ ہے' صوبائی وزیر صحت**

کوئٹہ (اے این این) پاکستان پیپلز پارٹی کے مرکزی رہنما، وصوبائی وزیر صحت بخت محمد کاکڑ نے مستونگ میں پولیس وین پر دہشتگردوں کی جانب سے حملے کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ ریاستی اداروں پر حملہ ناقابل برداشت ہے پولیس پر حملہ قومی سلامتی پر حملہ ہے دہشتگرد عناصر کے خلاف فوری اور موثر کارروائیاں کی جائیں قانون نافذ کرنے والے اداروں کی قربانیاں رائیگاں نہیں جائیں گی' یہ بات انہوں نے مذمتی بیان ......... بقیہ 67 صفحہ نمبر 7 پر

جاری کرتے ہوئے کہی انہوں نے کہا کہ پولیس پر حملہ امن دشمنوں کی بزدلانہ کارروائی ہے قوم کو ریاست مخالف عناصر کے خلاف متحد ہونا ہوگا بلوچستان میں قیام امن کیلئے حکومت اور عوام ایک پیج پر ہیں امن وامان کی راہ میں رکاوٹ ڈالنے والوں کو کیفر کردار تک پہنچایا جائے گا انہوں نے دعا کرتے ہوئے کہ اللہ تعالیٰ مستونگ واقعہ میں شہداء کے درجات کی بلندی اور پسماندگان کیلئے صبر جمیل کی دعا کی ہے۔

## دہشتگردی کے خلاف پوری قوم اور حکومت متحد ہے، عبدالرحمن کھیتران

**اداروں پر حملے ریاست کی خودمختاری اور امن کو چیلنج کرنے کے مترادف ہیں**

**امن دشمن عناصر کے ساتھ آہنی ہاتھوں سے نمٹا جائے گا، سینئر صوبائی وزیر**

کوئٹہ (خ ن) سینئر صوبائی وزیر سردار عبدالرحمن کھیتران نے مستونگ میں بلوچستان کانسٹیبلری کے بس پر ہونے والے بزدلانہ حملے کی سخت الفاظ میں مذمت کی ہے۔ اپنے بیان میں انہوں نے کہا کہ پولیس اور قانون نافذ کرنے والے اداروں پر حملے ریاست کی خودمختاری اور امن کو چیلنج کرنے کے مترادف ہیں۔ سردار کھیتران نے واقعے کو افسوسناک اور قابل مذمت قرار دیتے ہوئے کہا کہ امن دشمن عناصر ملک کے امن و استحکام کو سبوتاژ کرنے کی ناکام......... بقیہ 16 صفحہ نمبر 7 پر

کوشش کر رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ دہشتگردی کے خلاف پوری قوم اور حکومت متحد ہے اور ایسے عناصر کے ساتھ آہنی ہاتھوں سے نمٹا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ واقعے میں ملوث عناصر کو فوری گرفتار کر کے قانون کے کٹہرے میں لایا جائے۔ سردار کھیتران نے پولیس اور سیکیورٹی فورسز کی قربانیوں کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا کہ ان کی خدمات قوم کبھی فراموش نہیں کرے گی۔

Century Express Quetta

## مستونگ: بی سی کی گاڑی کے قریب دھماکہ 3 اہلکار شہید 18 زخمی

**اہلکار کنڈ میسوری چیک پوسٹ پر ڈیوٹی کیلئے جا رہے تھے، نامعلوم افراد نے موٹر سائیکل میں بم نصب کر رکھا تھا**

**شہداء کی قربانیاں ناقابل فراموش ہیں، شعیب نوشیروانی، نور محمد دمڑ، بخت کاکڑ، صادق عمرانی، سردار کھیتران، غزالہ گولہ**

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) بلوچستان کے ضلع مستونگ میں بلوچستان کانسٹیبلری کی گاڑی کے قریب ہونیوالے دھماکے کے نتیجے میں تین اہلکار شہید، 18 زخمی ہوگئے، ڈی ایس پی یونس مگسی نے بتایا کہ مستونگ کے علاقے کنڈ میسوری چیک پوسٹ پر ڈیوٹی کیلئے جانے والے بلوچستان کانسٹیبلری کے اہلکاروں کی بس کو کس آباد جنگل کے مقام پر نامعلوم دہشت گردوں نے موٹر سائیکل میں نصب ریموٹ کنٹرول (باقی صفحہ 5 نمبر 23)

بم سے نشانہ بنایا دھماکے کے نتیجے میں تین اہلکار شہید جبکہ 18 زخمی ہوگئے۔ ڈی ایس پی یونس مگسی نے بتایا کہ بلوچستان کانسٹیبلری کے اہلکار لکپاس کے مقام پر بلوچستان نیشنل پارٹی کے دھرنے کی سیکورٹی پر معمور تھے منگل کی صبح معمول کے مطابق ڈیوٹی کیلئے جارہے تھے۔ اطلاع ملنے پر پولیس اور سیکورٹی فورسز کی بھاری نفری نے موقع پر پہنچ کر نعشوں اور زخمیوں کو ہسپتال منتقل کر کے علاقے کو گھیرے میں لیکر ملزمان کی تلاش شروع کردی۔ دریں اثناء صوبائی وزراء شعیب نوشیروانی، نور محمد دمڑ، بخت محمد کاکڑ، صادق عمرانی، سردار عبدالرحمن

کھیتران اور ڈپٹی سپیکر غزالہ گولہ نے مستونگ میں بلوچستان کانسٹیبلری کی بس پر ہونے والے حملے کی مذمت کی انہوں نے کہا کہ پولیس اور قانون نافذ کرنے والے اداروں پر حملے ریاست کی خودمختاری اور امن کو چیلنج کرنے کے مترادف ہیں۔ امن دشمن عناصر ملک کے امن واستحکام کو سبوتاژ کرنے کی ناکام کوشش کر رہے ہیں۔ پولیس اور سیکیورٹی فورسز کی قربانیوں کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا کہ ان کی خدمات قوم کبھی فراموش نہیں کرے گی۔

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 1

Dated: 16 APR 2025

Page No. 14


## دہشت گردی کا ناسور ختم کرنے کیلئے حکومت پرعزم ہے، صادق عمرانی

**مستونگ میں پولیس وین پر حملہ دہشت گردوں کی بزدلانہ کارروائی ہے، بیان**

کوئٹہ (خ ن) پیپلز پارٹی پارلیمانی لیڈر صوبائی وزیر آبپاشی میر محمد صادق عمرانی نے مستونگ میں پولیس وین پر حملے کی مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ دہشت گرد عناصر بزدلانہ کارروائیوں کے ذریعے صوبے کا امن وامان خراب کرنا چاہتے ہیں جس کی انہیں کوئی بھی اجازت نہیں دے سکتا دہشت گردی کے ناسور کو ختم کرنے کیلئے پولیس اور دیگر سیکورٹی اداروں نے بے پناہ قربانیاں دیں ہیں حکومت وزیر اعلیٰ میر سرفراز بگٹی کی قیادت میں دہشت گردی کے ناسور کو جڑ سے ختم کرنے کیلئے پرعزم ہے صوبائی وزیر نے کہا کہ دہشت گردی ہم سب کا مشترکہ مسئلہ ہے جس سے نمٹنے کیلئے ہمیں باہمی اتفاق واتحاد کے ساتھ پورے عزم وحوصلے سے لڑنا ہوگا انہوں نے شہداء کے بلند درجات اور زخمیوں کی جلد صحت یابی کیلئے دعا کی۔

## بلوچستان کا امن تباہ کرنے کی سازش کی جارہی ہے، نور محمد دمڑ

**مستونگ میں صرف پولیس پر نہیں بلکہ پوری ریاست اور شہریوں پر حملہ کیا گیا، صوبائی وزیر خوراک**

ہرنائی (نامہ نگار) مسلم لیگ ن کے مرکزی رہنما، صوبائی وزیر خوراک نور محمد دمڑ نے مستونگ میں پولیس بس پر دہشت گر حملے کی شدید مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ شہداء کی قربانیاں رائیگاں نہیں جائیں گی۔ مستونگ میں پولیس بس پر دہشت گردوں کی جانب سے آئی ڈی بلاسٹ کرنے کے واقعہ میں پولیس اہلکاروں کی شہادت اور زخمی ہونے کے واقعہ کی جتنی بھی مذمت کی جائے کم ہے۔ انہوں نے کہا کہ یہ حملہ صرف قانون نافذ کرنے والے اداروں پر نہیں بلکہ پوری ریاست، حکومت اور معصوم شہریوں پر حملہ ہے، دہشت گرد عناصر بلوچستان کا امن تباہ کرنے کی سازش کررہے ہیں، تاہم ان کی یہ کوششیں ماضی کی طرح اس بار بھی ناکام ہوں گی انہوں نے یقین دلایا کہ سیکیورٹی فورسز متحرک ہیں اور جلد حملہ آوروں کو گرفتار کرکے قانون کے کٹہرے میں لایا جائے گا۔ انہوں نے واضح کیا کہ صوبائی حکومت عوام کے تحفظ کے لیے تمام وسائل استعمال کررہی ہے اور ایسے واقعات میں ملوث عناصر کو انجام تک پہنچایا جائے گا۔ آخر میں صوبائی وزیر خوراک حاجی نور محمد خان دمڑ نے شہداء کے لیے مغفرت اور زخمیوں کی جلد صحتیابی کی دعا کی۔

## بلوچستان کا امن کسی کو خراب کرنے نہیں دینگے، شعیب نوشیروانی

**دہشتگردی کے خاتمے کیلئے عوام اداروں کے ساتھ کھڑے ہیں، مستونگ دھماکے کی مذمت**

کوئٹہ (خ ن) صوبائی وزیر خزانہ ومعدنیات میر شعیب نوشیروانی نے مستونگ میں پولیس وین پر حملے کی مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ کسی کو بلوچستان کا امن خراب کرنے نہیں دینگے ملک دشمن عناصر کے خلاف ٹھوس اقدامات کیے جارہے ہیں صوبائی وزیر نے کہا کہ قیام امن اور دہشت گردی کی سرکوبی کیلئے سیکورٹی اداروں کی قربانیاں جانے نہیں دینگے عوام قیام امن کیلئے حکومت اور اداروں کے ساتھ کھڑے ہیں انہوں نے شہداء کے بلند درجات اور زخمیوں کی جلد صحت یابی کیلئے دعا کی۔

## بے گناہ افراد کو نشانہ بنانے سے حقوق حاصل نہیں ہوسکتے، نوابزادہ حمزہ زہری

**صوبائی حکومت مشکل کی اس گھڑی میں شہداء کے خاندانوں کے ساتھ کھڑی ہے، مشیر بلدیات**

کوئٹہ (این این آئی) صوبائی مشیر بلدیات نوابزادہ امیر حمزہ زہری نے مستونگ بم دھماکے میں بے گناہ پولیس کے جوانوں کی شہادت پر افسوس کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ زخمیوں کو صحت کی تمام سہولیات کی فراہمی یقینی بنائی جائے۔ یہاں جاری ایک بیان میں نوابزادہ امیر حمزہ زہری نے کہا کہ امن وامان کی بحالی کیلئے جان کا نذرانہ پیش کرنیوالے اہلکاروں کی قربانی ناقابل فراموش ہے، بے گناہ افراد کو نشانہ بنانے سے حقوق حاصل نہیں ہوسکتے۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان حکومت مشکل کی اس گھڑی میں شہداء کے خاندانوں کے ساتھ کھڑی ہے۔ انہوں نے دھماکے میں شہید ہونے والے پولیس اہلکاروں کے اہل خانہ سے اظہار تعزیت اور زخمیوں کی جلد صحت یابی کی دعا کرتے ہوئے کہا کہ دھماکے کے زخمیوں کو صحت کی تمام سہولیات کی فراہمی یقینی بنائی جائے۔

## حب اور لسبیلہ کی ترقی کیلئے بھرپور کردار ادا کرینگے، ظہور بلیدی

**دونوں اضلاع کا ریونیو جنریشن کے حوالے سے نمایاں مقام ہے، گڈانی میں گفتگو**

حب (نامہ نگار) سینئر صوبائی وزیر منصوبہ بندی وترقیات میر ظہور بلیدی نے کہا ہے کہ حب اور لسبیلہ اضلاع کی ترقی اور عوام کی خوشحالی کیلئے بھرپور کردار ادا کرینگے دونوں اضلاع کا ریونیو جنریشن کے حوالے سے بلوچستان میں نمایاں مقام ہے ان خیالات کا اظہار صوبائی وزیر نے گڈانی میں وفود سے گفتگو کرتے ہوئے کیا پیپلز پارٹی کے ضلع کونسل چیئرمین جاوید جمالی، چیئرمین میونسپل کارپوریشن حب وڈیرہ بابو فیض محمد شیخ، ڈپٹی میئر حاجی محمد عظیم سنیاں چیئرمین بلوچستان فشرمین کوآپریٹیو سوسائٹی میر علی اکبر زہری، چیئرمین میونسپل کمیٹی گڈانی وڈیرہ جان شیر حمید بلوچ، پی پی رہنما نعیم بلیدی، عزیز واجداد بزنجو، میر رفیق بزنجو کونسلر غوث بخش اور میر ابرار مولا بخش بزنجو کی قیادت میں پیپلز پارٹی اور جام گروپ کے رہنماؤں نے صوبائی وزیر کا استقبال کیا ظہور بلیدی نے علاقائی عمائدین اور پیپلز پارٹی کی ضلعی قیادت شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ ترقی کے عمل کو جاری رکھنے کیلئے میر علی حسن زہری کے ہاتھ مضبوط کیے جائیں صوبائی وزیر نے گڈانی شپ بریکنگ یارڈ کے پلاٹ کا بھی دورہ کیا۔

حکومتی سرگرمیاں

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

Daily: INTEKHAB QUETTA

Bulletin No 2

Dated: 16 APR 2025 Page No. 15

## سمندر پار پاکستانی ملک میں سرمایہ کاری کریں، وزیراعظم ملکی جامعات میں وظائف مختص اور خصوصی عدالتیں قائم کرنے کا اعلان

# دہشتگردوں کی 10 نسلیں بھی بلوچستان کا کچھ نہیں بگاڑ سکتیں، آرمی چیف

پاکستان کے دشمنوں کا خیال ہے کہ مٹھی بھر دہشت گرد ملک کی تقدیر کا فیصلہ کر سکتے ہیں، جو لوگ برین ڈرین کا بیانیہ بناتے ہیں وہ جان لیں یہ برین ڈرین نہیں بلکہ برین گین ہے، بلوچستان ہمارے ماتھے کا جھومر ہے، جنرل عاصم منیر

اوورسیز پاکستانیوں کو فائلر کے طور پر ٹریٹ کیا جائے گا، انہیں سول ایوارڈ دیے جائیں گے [illegible]

اسلام آباد (آئی این پی) چیف آف آرمی اسٹاف جنرل عاصم منیر نے کہا ہے کہ پاکستان کے دشمنوں کا یہ خیال ہے کہ مٹھی بھر دہشت گرد پاکستان کی تقدیر کا فیصلہ کر سکتے ہیں جبکہ دہشت گردوں کی 10 نسلیں بھی بلوچستان اور پاکستان کا کچھ نہیں بگاڑ سکتیں، جو پاکستان کی ترقی کے راستے میں حائل ہوگا ہم مل کر اس رکاوٹ کو ہٹا دیں گے۔ چیف آف آرمی اسٹاف جنرل سید عاصم منیر نے پہلے اوورسیز پاکستانیز کنونشن سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ میں آج [illegible]

بقیہ نمبر 75 صفحہ 5 پر

اسلام آباد (آئی این پی) وزیراعظم شہباز شریف نے کہا ہے کہ [illegible]

بقیہ نمبر 76 صفحہ 5 پر

[illegible]

سیاسی جماعتیں　امن وامان

# CLIPPING SERVICE


DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 2

Dated: 16 APR 2025

Page No. 16


## ماہ رنگ کی گرفتاری کیخلاف متعلقہ فورم سے رجوع کریں، ہائیکورٹ

### تھری ایم پی او کے تحت گرفتاری کیخلاف چیف جسٹس ہائی کورٹ نے فیصلہ سنا دیا

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان ہائی کورٹ نے بلوچ یکجہتی کمیٹی کی کنوینر ڈاکٹر ماہ رنگ بلوچ کی 3 ایم پی او کے تحت گرفتاری کے خلاف درخواست نمٹاتے ہوئے درخواست گزار کو متعلقہ فورم سے رجوع کرنے کا حکم دے دیا۔ منگل کو بلوچستان ہائی کورٹ نے ڈاکٹر ماہ رنگ بلوچ کی 3 ایم پی او کے تحت گرفتاری کے خلاف درخواست پر فیصلہ چیف جسٹس اعجاز احمد سواتی اور جسٹس محمد عامر نواز رانا نے سنایا عدالت نے درخواست گزار کو کیس میں متعلقہ فورم محکمہ داخلہ سے رجوع کرنے کا حکم دیا، ڈاکٹر ماہ رنگ بلوچ کی 3 ایم پی او کے تحت گرفتاری کے خلاف درخواست ان کی بہن نے دائر کی تھی، درخواست میں ڈاکٹر ماہ رنگ بلوچ کی 3 ایم پی او کے تحت گرفتاری کو چیلنج کیا گیا تھا۔

## کانگو وائرس کا ایک اور کیس سامنے آگیا

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) کانگو وائرس کا ایک اور کیس سامنے آگیا رواں سال کیسز کی تعداد تین ہوگئی فاطمہ جناح ہسپتال ذرائع کے مطابق اسپنی روڈ کے رہائشی کو گزشتہ روز ناک اور منہ سے خون آنے پر فاطمہ جناح ہسپتال لایا گیا جہاں اس کے ٹیسٹ کئے گئے رپورٹ میں کانگو وائرس کی تصدیق ہونے پر مریض کا علاج شروع کردیا گیا واضح رہے کہ رواں سال کانگو وائرس کے تین کیسز رپورٹ ہوئے جن میں ایک ہلاکت ہوئی۔

## پولیس کے جوانوں کا ناحق قتل کسی صورت برداشت نہیں کیا جائے گا، عبدالخالق اچکزئی

### ہم ملک دشمن عناصر اور ان کے سہولت کاروں کو ایک ہی نظر سے دیکھتے ہیں اور ان سے سختی سے نمٹا جائے گا

کوئٹہ (خ ن) اسپیکر بلوچستان اسمبلی عبدالخالق خان اچکزئی نے حالیہ دہشت گردی کے واقعے میں بلوچستان پولیس کے اہلکاروں کی شہادت پر گہرے رنج وغم اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ انہوں نے اس المناک سانحے کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے کہا کہ ملک اور صوبے کی حفاظت پر مامور ہمارے سیکیورٹی اداروں کا ہر جوان ہمیں اپنی جان سے بھی زیادہ عزیز ہے۔ بلوچستان پولیس کے ان بہادر جوانوں کا ناحق قتل ایک ناقابل معافی جرم ہے، جسے کسی صورت برداشت نہیں کیا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ ہم ملک دشمن عناصر اور ان کے سہولت کاروں کو ایک ہی نظر سے دیکھتے ہیں اور ان سے سختی سے نمٹا جائے گا۔ اس موقع پر اسپیکر نے کہا کہ حکومت کی جانب سے بات چیت کے دروازے ہر وقت کھلے ہیں لیکن حکومت کسی بھی قسم کی بلیک میلنگ میں ہرگز نہیں آئے گی۔ ہم ایک قبائلی معاشرے میں رہتے ہیں، جہاں ہر مسئلے کا حل بات چیت اور روایتی جرگہ سسٹم کے ذریعے ہی نکالا جاتا ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ ہمارے آباؤاجداد نے بھی ہمیشہ مسائل کو ٹیبل ٹاک کے ذریعے حل کیا ہے۔ آج بھی اگر کسی کو کوئی شکایت یا مسئلہ درپیش ہے تو اسے بات چیت کے ذریعے اس انداز میں پیش کیا جانا چاہیے کہ مسائل کا خوش اسلوبی سے حل نکل سکے، نہ کہ ریاستی اداروں کو نشانہ بنا کر بلیک میلنگ کی کوشش کی جائے۔ اسپیکر نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ بلوچستان حکومت اپنی تمام تر صلاحیتوں، وسائل اور قوت کے ساتھ ہر قیمت پر امن وامان قائم رکھنے کے لیے پرعزم ہے، اور دہشت گرد عناصر کے ناپاک عزائم کو ناکام بنانے کے لیے تمام ممکنہ اقدامات کیے جا رہے ہیں۔

## بلوچستان غیر استعمال شدہ خزانوں کی سرزمین ہے' بلال کاکڑ

### بین الاقوامی منرلز کانفرنس اسلام آباد سے بیرونی سرمایہ کاری کی راہ ہموار ہوگی' بیان

کوئٹہ (خ ن) بلوچستان سرمایہ کاری بورڈ کے وائس چیئرمین بلال خان کاکڑ نے کہا ہے کہ اسلام آباد میں ہونیوالی انٹرنیشنل منرلز انویسٹمنٹ کانفرنس اور اس میں دنیا بھر سے وفود کی شرکت پاکستان میں منرلز کے شعبے کی ترقی کیلئے سنگ میل ثابت ہوگی انہوں نے بیان میں کہا کہ پاکستان خصوصاً بلوچستان میں بے شمار معدنیات پائی جاتی ہیں جن کی اکثریت ابھی تک ایکسپلور ہی نہیں ہوئی، ضرورت اس امر کی ہے کہ ان معدنیات کو دنیا کے سامنے اجاگر کیا جائے بلوچستان کی معدنیات نہ صرف پاکستان بلکہ اس خطے کے تقدیر بدل سکتی ہیں انہوں نے کہا کہ بین الاقوامی منرلز کانفرنس سے معدنیات کے شعبے میں بیرونی سرمایہ کاری کی راہ ہموار ہوگی بلوچستان غیر استعمال شدہ خزانوں کی سرزمین اور ایک ایسا صوبہ ہے جہاں شاندار پہاڑوں اور وسیع ریگستانوں میں قدرتی دولت وافر مقدار میں پوشیدہ ہے جو کھلنے کی منتظر ہے تانبے اور سونے سے لے کر ماربل اور کرومائیٹ تک، بلوچستان کے کان کنی کے شعبے میں بے پناہ دولت اور ترقی کی نوید سناتی ہے۔ دنیا کے سب سے بڑے معدنی ذخائر بشمول تانبے، سونا، سیسہ، زنک، لوہا اور کرومائٹ کے وسیع ذخائر کے ساتھ، بلوچستان سرمایہ کاروں کے لیے مواقع کی سرزمین ہے جو ان قدرتی وسائل کی ترقی کے ذریعے روشن مستقبل کی راہ ہموار کرتے ہیں۔ ریکوڈک اور سینڈک جیسے علاقے پہلے ہی عالمی توجہ حاصل کر چکے ہیں، جہاں سے کافی مقدار میں بیش قیمت معدنیات پیدا ہوئی ہیں، جبکہ لاتعداد غیر استعمال شدہ سائٹس ابھی تک دریافت ہی نہیں ہوسکیں۔

## ریکوڈک، شیئر ہولڈرز نے تازہ ترین فیزیبلٹی اسٹڈی کی منظوری دے دی

### ریکوڈک دنیا کے سب سے بڑے غیر ترقیافتہ منصوبوں میں شامل ہیں، مارک برسٹو

اسلام آباد (پ ر) ریکوڈک جوائنٹ وینچر کے شیئر ہولڈرز نے منصوبے کی تازہ ترین فیزیبلٹی اسٹڈی کی منظوری دے دی ہے اور اس سے منسلک فیز 1 کی ترقیاتی سرمایہ کاری کی منظوری بھی دے دی ہے، جو کہ 3 ارب ڈالر تک کی محدود وسائل پر مبنی منصوبہ جاتی مالی معاونت کی فراہمی سے مشروط ہے۔ یہ منظوری منصوبے کو 2025 میں بڑے تعمیراتی کاموں کے آغاز کی اجازت دیتی ہے، جبکہ 2028 کے اختتام تک پہلی پیداوار کے ہدف کو برقرار رکھا گیا ہے۔ اسی موقع پر شیئر ہولڈرز نے فلور کارپوریشن کو مرکزی انجینئرنگ، پروکیورمنٹ اور تعمیراتی انتظام (Engineering Procurement and Construction Management -EPCM) کا پارٹنر منتخب کیا ہے۔ فلور، بیرک کی اونر ٹیم کے ساتھ مل کر منصوبے کے تفصیلی ڈیزائن اور تعمیرات پر کام کرے گی۔ اس پیش رفت پر اظہار خیال کرتے ہوئے بیرک کے صدر اور چیف ایگزیکٹو آفیسر مارک برسٹو نے کہا کہ "ریکوڈک دنیا کے سب سے بڑے غیر ترقی یافتہ تانبے اور سونے کے منصوبوں میں شامل ہے۔ اس کی ترقی میں بیرک، حکومت بلوچستان اور حکومت پاکستان کے درمیان مضبوط شراکت داری کلیدی کردار ادا کر رہی ہے۔" ریکوڈک منصوبہ بلوچستان کے ضلع چاغی میں واقع ہے جس میں بیرک کے ساتھ پاکستان کی وفاقی حکومت اور بلوچستان کی صوبائی حکومت بھی شراکت دار ہیں جبکہ بیرک اس پروجیکٹ کا آپریٹر بھی ہے۔ مارک برسٹو نے مزید کہا، "فلور کو EPCM پارٹنر منتخب کرنا ہماری اس صلاحیت کو مزید تقویت دیتا ہے کہ ہم ریکوڈک منصوبے کو عالمی معیار کے ساتھ، تکنیکی مہارت، نظم و ضبط اور سماجی و ماحولیاتی ذمے داری کے تحت مکمل کریں۔ ہم فلور کے ساتھ قریبی اشتراک کے لیے پرعزم ہیں تاکہ ریکوڈک بلوچستان اور پاکستان کے عوام کے لیے دیرپا فوائد فراہم کر سکے۔" فلور کو اس عمل میں ماہر انجینئرنگ کنسلٹنٹس جیسے کہ Knight, Piesold PRDW اور Vecturis کی معاونت بھی حاصل ہوگی، جنہوں نے فزیبلٹی اسٹڈی کے دوران بیرک کے ساتھ مل کر کام کیا ہے۔ برسٹو نے اس بات پر زور دیا کہ فلور کا انتخاب اس مشترکہ عزم کا اظہار ہے کہ کان کنی کے بڑے منصوبے محفوظ، ذمہ دارانہ اور مؤثر طریقے سے مکمل کیے جائیں اور اس کے ساتھ ساتھ مقامی سطح پر روزگار، سپلائی چین، اور کمیونٹی کی ترقی کو فروغ دیا جائے۔ منصوبے کے لیے دیگر اہم شراکت دار ادارے جیسے Metso, Weir اور Komatsu بھی منتخب کیے گئے ہیں، جو پروسیسنگ اور کان کنی کی مشینری فراہم کریں گے۔ برسٹو نے مزید کہا "یہ انجینئرنگ اور سپلائی چین کی شراکت دار ایسی عالمی مہارت رکھتے ہیں جو بلند پہاڑی، دور دراز اور مشکل علاقوں میں بڑے تانبے کے منصوبوں کی تکمیل کا تجربہ رکھتی ہے۔ یہ تجربہ بیرک کی اس قابلیت سے ہم آہنگ ہے جس کے تحت ہم نے دنیا بھر کے چیلنجنگ علاقوں میں کامیابی کے ساتھ بڑے منصوبے مکمل کیے ہیں۔

## ایف سی کے زیر اہتمام نوشکی میں ای کامرس پروگرام کا افتتاح

### پروگرام سے ہمارے نوجوان معاشی طور پر خوشحال ہونگے، کرنل افضال مالک

نوشکی (نامہ نگار) ایف سی کے زیر اہتمام نوشکی میں ای کامرس پروگرام کا افتتاح کمانڈنٹ نوشکی ملشیا کرنل افضال مالک نے کیا اس موقع پر افتتاحی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کرنل افضال مالک نے کہا تین ماہ قبل آئی جی ایف سی بلوچستان نے کیڈٹ کالج کے پروگرام میں نوشکی کے طلباء اور طالبات کے لیے ای کامرس پروگرام شروع کرنے کا اعلان کیا تھا تین ماہ کے مختصر عرصے میں وعدے کی تکمیل سے مجھے خوشی محسوس ہورہی ہے اس پروگرام سے ہمارے نوجوان ہنر مند ہوکر معاشی طور خوشحال ہونگے انھوں نے کہا تربیت کے دوران طلباء اور طالبات محنت اور لگن سے تربیت پر توجہ دیں تو انکا مستقبل روشن اور معاشی خوشحالی انکا مقدر ہوگی اس پروگرام کے زریعے نوجوان گھر بیٹھے اپنے خاندان کی کفالت کرسکتے ہیں نوجوانوں کے فلاح بہبود کے لیے دیگر پروگرام بھی لاونج کرینگے اچھی کارکردگی پر طلباء اور طالبات کی حوصلہ افزائی کی جائیگی کیونکہ نوجوان ہمارا اصل سرمایہ اور روشن مستقبل ہے انہوں نے کہا تعلیم صحت کی بہتر سہولیات کے لیے پی ایس ڈی پی میں کئی منصوبے شامل کیے گئے ہیں جنکی تکمیل سے نوشکی کے عوام کو تعلیم اور صحت کی بہتر سہولیات میسر ہونگی۔

## گیس لیکیج، کمشنر کا نوٹس

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) کمشنر کوئٹہ ڈویژن حمزہ نے فقیر محمد روڈ پر برف خانے سے گیس کے اخراج کی خبر کا نوٹس لیتے ہوئے کہا کہ برف خانہ کے مالک کیخلاف کارروائی کی جائیگی' حفظان صحت کے اصولوں پر سمجھوتہ نہیں کر سکتے' کمشنر کوئٹہ ڈویژن حمزہ شفقات کا مزید کہنا تھا کہ گلی محلوں میں قائم غیر قانونی کارخانوں کیخلاف بھی کریک ڈاون کا آغاز کر رہے ہیں۔

سیاسی جماعتیں | امن و امان

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 2

Dated: 16 APR 2025 Page No. 17

## سیستان میں قتل ہونیوالے پاکستانیوں کی نعشیں نہ مل سکیں

**ایرانی حکام اور سفارت خانے سے رابطے میں ہیں، نعشیں تفتان لائیں گے، ڈی سی**

**ضلعی انتظامیہ نے تفتان سے لاشیں بہاولپور منتقل کرنے کیلئے اقدامات کرلیے ہیں**

چاغی (این این آئی) ایران کے علاقے سیستان میں قتل کیے گئے 8 پاکستانیوں کی لاشیں ابھی تک تفتان نہیں لائی گئیں، چاغی انتظامیہ کا کہنا ہے کہ تہران میں......... بقیہ 27 صفحہ نمبر 7 پر

پاکستانی سفارت خانے نے دو روز تک لاشیں تفتان منتقل کرنے کا کہا ہے۔ ڈپٹی کمشنر چاغی عطا المنعم نے میڈیا کو بتایا کہ قتل کیے گئے 8 پاکستانیوں کی لاشیں ابھی تک تفتان منتقل نہیں کی گئیں ہیں۔

JANG QUETTA

## این آئی آر سی سے پی آئی اے کے اعلیٰ عہدیداروں کو قید و جرمانے کی سزا

**جنرل منیجر صادق لودھی، چیف ہیومن ریسورس اختر حسین، ڈپٹی چیف ایگزیکٹو افسر اسلام آباد خرم مشتاق شامل ہیں**

**ہر ایک کو چھ ماہ قید 50 ہزار روپے جرمانہ کی سزا سنائی گئی، تینوں ملزمان کسی بھی سرکاری عہدے پر تعینات نہ ہوسکیں گے**

کوئٹہ (خ ن) نیشنل انڈسٹریل ریلیشنز کمیشن کوئٹہ بینچ کے ممبر عبدالغنی مینگل نے پاکستان انٹرنیشنل ایئرلائنز کوئٹہ کے ملازمین کی مستقلی سے متعلق کیس کی سماعت کرتے ہوئے تفصیلی فیصلہ سنا دیا، جاری فیصلے کے مطابق پی آئی اے بلوچستان کے جنرل منیجر صادق محمد لودھی، چیف ہیومن ریسورس اختر حسین اور ڈپٹی چیف ایگزیکٹو آفیسر اسلام آباد خرم مشتاق کو عدالتی فیصلے کی خلاف ورزی پر چھ ماہ قید اور 50، 50 ہزار روپے جرمانے کی سزا سنا دی، جرمانہ ادا نہ کرنے کی صورت میں تینوں مجرموں کو ایک ماہ مزید قید کی سزا ہوگی۔ کمیشن بینچ کے فیصلے کے مطابق مذکورہ تینوں ملزمان ملک کے کسی بھی سرکاری ادارے میں کسی بھی عہدے پر فائض/تعینات نہیں ہوں گے۔ عدالت سے جاری تفصیلی فیصلے کے مطابق ملزمان کی عدالت میں عدم پیشی پر آئی جی اسلام آباد اور بلوچستان سمیت متعلقہ تھانوں کو ملزمان کے وارنٹ جاری کردیے، جبکہ فیصلے کی کاپی وزارت دفاع کو بھی ارسال کردی گئی ہے۔

Century Express Quetta

## وفاقی کابینہ: بلوچستان میں بڑی شاہراہ بنانے کیلئے پیٹرولیم قیمتیں برقرار رکھنے کا فیصلہ

**پٹرول کی قیمت کم نہ کرنے سے ہونیوالی بچت کی رقم چمن، کوئٹہ، قلات، خضدار، کراچی شاہراہ کو دو رویہ کرنے میں استعمال ہوگی**

**کچھی کینال فیز 2 بھی مکمل ہوگی: وزیراعظم، سرفراز بگٹی کا وزیراعظم کا شکریہ، پٹرولیم پراڈکٹس آرڈیننس 1961ء میں ترمیم کی منظوری**

اسلام آباد (خالد محمود) حکومت کا پٹرولیم مصنوعات کی قیمتیں برقرار رکھنے کا فیصلہ، وزیراعظم نے اعلان کیا کہ عالمی (باقی صفحہ 5 نمبر 9)

مارکیٹ میں پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں ہونے والی کمی کو صارفین تک منتقل کرنے کے بجائے اس بچت کی رقم کو بلوچستان کی سب اہم شاہراہ N-25 (چمن، کوئٹہ، قلات، خضدار، کراچی شاہراہ) کو دو رویہ کرنے میں استعمال کیا جائے گا تاکہ بلوچستان کے عوام کو سفر کی بہترین سہولیات میسر آسکیں۔ وزیراعظم شہباز شریف کی زیر صدارت وفاقی کابینہ کا اجلاس ہوا۔ وزیراعظم نے ہدایت کی کہ قومی شاہراہ کی بحالی موٹر وے کے معیار پر کی جائے۔ مزید برآں اسی بچت سے کچھی کینال کا فیز 2 بھی مکمل کرنے میں استعمال ہوگی جس سے صوبہ بلوچستان کی سینکڑوں ایکڑ زمین سیراب ہوگی اور صوبے سمیت پاکستان بھر میں خوشحالی آئے گی۔ وزیراعلیٰ بلوچستان سرفراز بگٹی جو کہ خصوصی طور پر وفاقی کابینہ کے اجلاس میں شریک تھے، نے بلوچستان کے عوام کے لئے این 25 کی بحالی کے منصوبے اور دیگر ترقیاتی منصوبوں کے لیے وزیراعظم کا شکریہ ادا کیا۔ وفاقی کابینہ نے پٹرولیم ڈویژن کی سفارش پر پٹرولیم پراڈکٹس (پٹرولیم لیوی) آرڈیننس 1961 میں ترمیم کی منظوری دے دی۔ اس ترمیم میں قومی محصولات میں اضافہ ہوگا۔ وفاقی کابینہ نے وزارت خزانہ کی سفارش پر حکومت کی ڈومیسٹک سکیورٹیز جاری کرنے کے حوالے سے سسٹین ایبل انویسٹمنٹ سکوک فریم ورک کی منظوری دے دی۔ یہ فریم ورک مقامی طور پر پائیدار سرمایہ کاری کے لئے سکوک جاری کرنے کے حوالے مددگار ثابت ہوگا جس کے تحت پائیدار ماحولیات اور قابل تجدید توانائی کے حوالے سے منصوبوں کی فنڈنگ کی جاسکے گی۔ یہ فریم ورک پائیدار ترقیاتی اہداف، نیشنلی ڈٹرمنڈ کانٹری بیوشنز 2021 اور قومی ایڈپٹیشن پلان 2023 کی تکمیل میں اہم سنگ میل ثابت ہوگا۔ وفاقی کابینہ نے وزارت قومی غذائی تحفظ و تحقیق کی سفارش پر نیشنل ایگری ٹریڈ اینڈ فوڈ سیفٹی اتھارٹی کے قیام کے حوالے سے بل کو پارلیمنٹ بھیجنے کی منظوری دے دی۔

## ایف سی کی گاڑیوں کے ٹھیکے کے حوالے سے اجلاس

**اجلاس میں ایف سی کے نمائندوں اور ٹھیکیدار کے درمیان جاری دیرینہ مسئلہ حل ہوگیا**

کوئٹہ (خ ن) ڈپٹی کمشنر کوئٹہ لیفٹیننٹ (ر) سعد بن اسد کی زیر صدارت ضلع کوئٹہ میں ایف سی کی گاڑیوں کے ٹھیکے کے حوالے سے ایک اہم اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں ایف سی کے نمائندوں اور ٹھیکیدار کے درمیان جاری دیرینہ مسئلے کو خوش اسلوبی سے حل کرلیا گیا۔ اجلاس میں دونوں فریقین کی مشاورت سے معاملات طے پائے اور اس ضمن میں فنڈنگ اور ریلیز آرڈرز جاری کردیے گئے۔ ڈپٹی کمشنر کوئٹہ نے کہا کہ ضلعی انتظامیہ عوامی مفاد اور ادارہ جاتی تعاون کو ترجیح دیتی ہے، اور ایسے مسائل کا بروقت حل ضلعی ترقی اور امن و امان کے قیام کے لیے نہایت ضروری ہے۔ اجلاس میں ایف سی کے نمائندوں اور ٹھیکیدار نے مسئلے کے حل پر ضلعی انتظامیہ کا شکریہ ادا کیا اور آئندہ بھی باہمی تعاون جاری رکھنے کے عزم کا اظہار کیا۔

## وفاقی محتسب ریجنل آفس خضدار کی جانب سے کھلی کچہری کا انعقاد ہوگا

خضدار (پ ر) عوامی مسائل کے حل کے لئے بیلہ، اوتھل، وندر اور حب میں وفاقی محتسب کی ریجنل انچارج خضدار و قلات ڈویژن کی جانب سے عوامی خدمت کے ایک اہم اقدام کے تحت کھلی کچہری کا انعقاد کیا جا رہا ہے۔ یہ کھلی کچہری عوام کی شکایات اور مسائل کے حل کے لئے مختلف مواقع مہیا کرے گی۔ بیلہ میں 15 اپریل اوتھل میں 16 اپریل وندر میں 17 اپریل اور حب میں 18 اپریل کو کھلی کچہری کا انعقاد کیا جائے گا۔ اس کھلی کچہری میں وفاقی اور صوبائی ڈیپارٹمنٹس کے اعلیٰ نمائندوں کے ساتھ ساتھ عام عوام کو بھی خاص طور پر مدعو کیا گیا ہے۔ یہ پروگرام عوامی مسائل کی سماعت اور ان کے حل کے لئے ایک منفرد موقع فراہم کرے گا۔ اس موقع پر ڈسٹرکٹ اور تحصیل کے نمائندگان بھی شامل ہوں گے تاکہ عوام کو فوری ریلیف فراہم کیا جا سکے۔ وفاقی محتسب کا یہ اقدام عوامی عمدہ خدمات کی فراہمی میں ایک اہم سنگ میل ثابت ہوگا۔

## خسرے سے متاثرہ تحصیل زہری میں امدادی ٹیم پہنچ گئی

**دو متاثرہ بچوں کو ٹیکے لگا کر مزید علاج کیلئے ہسپتال منتقل کردیا گیا**

زہری (خ ن) تحصیل زہری میں خسرہ وباء کی اطلاع ملتے ہی محکمہ صحت کی ٹیم وہاں پہنچ گئی۔ ابتدائی اطلاعات کے مطابق خضدار کے تحصیل زہری میں خسرے سے دو بچے جاں بحق ہوئے، پی پی ایچ آئی خضدار، محکمہ صحت، اور ڈبلیو ایچ او کے ٹیموں کی جانب سے بروقت رسائی، مذکورہ ٹیموں نے مزید دو متاثرہ بچوں میں وائرس کی نشان دہی کے بعد فوری ٹیکے لگا کر مزید علاج کے لیے ہسپتال منتقل کیا، مزید وائرس کی منتقلی کو روکنے کے لیے 70 بچوں کو ٹیکے لگائے گئے، عوام کو خسرہ سے بچاؤ، علامات اور علاج کے بارے میں آگاہ کیا گیا، جاں بحق ہونے والے بچوں میں سے ایک کو ایم آر ویکسین کی پہلی خوراک ملی تھی، جبکہ دوسرا بچہ ویکسینیشن ڈیفالٹر تھا، مذکورہ ٹیمیں متاثرہ علاقوں کا 3 دن تک دورے کرے گی تاکہ ویکسینیشن مہم کو مزید وسعت دیا جاسکے اور مزید وائرس کے پھیلاؤ کو روکا جاسکے۔

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 2

Dated: 16 APR 2025 Page No. 18

## کوئٹہ میں بدامنی کے باعث پانچ ڈاک خانے بند کردیئے گئے

**بیشتر ڈاکخانوں کو 10 ہزار سے زیادہ یوٹیلٹی بلز جمع کرانے سے بھی روک دیا گیا، عوام پریشان**

کوئٹہ (این این آئی) کوئٹہ میں امن وامان کی صورتحال کے باعث محکمہ ڈاک نے پانچ ڈاک خانوں کو بند اور بیشتر ڈاک خانوں کو دس ہزار روپے سے زائد کے بجلی اور گیس کے بلز جمع کرنے سے روک دیا۔ تفصیلات کے مطابق کوئٹہ میں بے امنی کے واقعات کے بعد محکمہ ڈاک نے سریاب، سیٹلائٹ ٹاؤن اور بروری میں پانچ ڈاک خانے بند کردیئے ہیں، سریاب روڈ پر پندرہ روز قبل شرپسندوں نے بلوچستان یونیورسٹی کے ملحقہ ڈاک خانے کو آگ لگا دی تھی جس کے بعد نہ صرف یہ ڈاک خانہ بند کردیا گیا بلکہ سریاب، سیٹلائٹ ٹاؤن اور بروری میں تقریباً پانچ ڈاک خانے بند کردیئے گئے ہیں جبکہ بیشتر ڈاک خانوں کو بجلی،، سوئی گیس اور پانی کے دس ہزار روپے سے زائد کے بل جمع کرنے سے بھی روک دیا ہے جس کی وجہ ڈاک خانوں میں ڈکیتی کی بڑھتی ہوئی وارداتیں ہیں ڈاک خانوں کی بندش سے شہریوں کو یوٹیلٹی بلز جمع کرانے میں مشکلات کا سامنا ہے محکمہ ڈاک کے حکام کے مطابق کوئٹہ میں محکمہ ڈاک کے 48 ڈاک خانے ہیں۔

INTEKHAB QUETTA

## کوئٹہ میں 48 پوسٹ آفس، 5 بند کردیئے گئے

**امن وامان کی صورتحال کے باعث محکمہ ڈاک نے سریاب، سیٹلائٹ ٹاؤن اور بروری میں 5 ڈاکخانے بند کئے**

**بیشتر کو بجلی، گیس اور پانی کے 10 ہزار سے زائد کے بل جمع کرانے سے بھی روک دیا، شہریوں کو مشکلات کا سامنا**

کوئٹہ (این این آئی) کوئٹہ میں امن وامان کی صورتحال کے باعث محکمہ ڈاک نے پانچ ڈاک خانوں کو بند اور بیشتر ڈاک خانوں کو دس ہزار روپے سے زائد کے بجلی اور گیس کے بلز جمع کرنے سے روک دیا تفصیلات کے مطابق کوئٹہ میں بے امنی کے واقعات کے بعد محکمہ ڈاک نے سریاب، سیٹلائٹ ٹاون اور بروری میں پانچ ڈاک خانے بند کردیئے ہیں، سریاب روڈ پر پندرہ روز قبل شرپسندوں نے بلوچستان یونیورسٹی کے ملحقہ ڈاک خانے کو آگ لگا دی تھی جس کے بعد نہ صرف یہ ڈاک خانہ بند کردیا گیا بلکہ سریاب، سیٹلائٹ ٹاون اور بروری میں تقریباً پانچ ڈاک خانے بند کردیئے گئے ہیں جبکہ بیشتر ڈاک خانوں

بقیہ نمبر 20 صفحہ 5 پر

کو بجلی،، سوئی گیس، اور پانی کے دس ہزار روپے سے زائد کے بل جمع کرانے سے بھی روک دیا ہے۔ جس کی وجہ ڈاک خانوں میں ڈکیتی کی بڑھتی ہوئی وارداتیں ہیں ڈاک خانوں کی بندش سے شہریوں کو یوٹیلٹی بلز جمع کرانے کیلئے مشکلات کا سامنا ہے محکمہ ڈاک کے حکام کے مطابق کوئٹہ میں محکمہ ڈاک کے 48 ڈاک خانے ہیں۔

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 3

Dated: 16 APR 2025 Page No. 4

# حکومت کا راستہ خطرناک، افغان کڈوال کی بے عزتی قبول نہیں، محمود اچکزئی

## لوگوں کو گالیاں دینے، جیلوں میں ڈالنے سے کام نہیں چلے گا، ڈنڈے کے زور پر ملک نہیں چلائے جاتے

### رکن قومی اسمبلی محمود خان اچکزئی نے پریس کانفرنس

کوئٹہ (پ ر) پشتونخوا ملی عوامی پارٹی کے چیئرمین و تحریک تحفظ آئین پاکستان کے سربراہ اور رکن قومی اسمبلی محمود خان اچکزئی نے پریس کانفرنس کرتے ہوئے کہا کہ موجودہ حکومت زر و زور کے سپورٹ سے اقتدار پر قابض ہے، جس بھونڈے انداز میں قومی اور بین الاقوامی مسائل کو ڈیل کر رہی ہے وہ راستے ہمیں بڑے خطرناک لگتے ہیں، افغانستان بحیثیت ایک ریاست اور افغان کڈوال عوام علیحدہ یہ ایسے مسائل ہیں پتہ نہیں ہمارے حکمران کیا کر رہے ہیں، اس پر میں نے صرف اپنی گلو خلاصی کرنی ہے۔ حکومت نے جس انداز میں جناح کنونشن سینٹر میں لوگوں کو جمع کر کے کہہ دیا کہ ہمارا ملک دنیا جہاں کے وسائل سے پر ہے آئیں ان پر سرمایہ کاری کریں، خیبر پشتونخوا کے سینٹرل اضلاع، بلوچستان اور گلگت بلتستان میں جو وسائل ہیں اسے لے جائیں۔ ہم پوچھنا چاہتے ہیں کہ پشتون، بلوچ علاقوں میں کہاں پر IMF کے روپے خرچ کیئے گئے ہیں۔ ہم باغی نہیں لیکن یہ ہمارا حق ہے۔ سی پیک پروگرام کے تحت جو منصوبے تھے باقی تو دور کنار اُس میں ابھی تک دو رویہ سڑک تک نہیں بنائی گئی اور روزانہ ہمارے لوگ مرتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ڈنڈوں کے زور پر ملک نہیں چلائے جاتے، لوگوں کو گالیاں دینے، جیلوں میں بند کرنے سے کام نہیں چلے گا۔ خصوصی سرمایہ کاری سہولت کونسل اٹھارویں ترمیم، صوبائی خودمختاری، جمہوریت کے تباہی کے مترادف ہے۔ میں واضح کہنا چاہتا ہوں کہ جب تحریکیں چلیں گی، پشتون، بلوچ، گلگت بلتستان والے اور سیاسی جمہوری پارٹیاں ملکر اپنے وسائل کا دفاع کرینگی اس صورت میں اگر ملک کو خدانخواستہ کوئی نقصان پہنچے گا تو اس کی ذمہ داری شہباز اینڈ کمپنی پر ہوگی۔ ہم جھولی پھیلاتے ہیں کہ خدا کے لیے اس ملک پر اس کے لوگوں پر رحم کریں۔ غربت کہاں تک پہنچ چکی ہے۔ خدا کو مانیں عوام پر بھروسہ کریں ان کے روزی روٹی کا بندوبست کریں۔ افغان کڈوال سے متعلق انہوں نے کہا کہ ان کی بے عزتی قابل قبول نہیں۔ میں UNHCR سے استدعا کرتا ہوں کہ یونائیٹڈ نیشن ہائی کمشنر آف ریفیوجیز، پاکستان اور افغانستان کی حکومتیں بیٹھ کر کوئی طریقہ نکالیں۔ لاکھوں لوگ ہیں پنجاب، سندھ، کراچی یہاں کی مارکیٹوں میں افغانوں کی اربوں روپے سرمایہ کاری ہے۔ اس ملک کو بنانے، ترقی میں آپ کا ساتھ دیا ہے۔ انہیں تنگ کرنے کا انتہائی بھونڈ طریقہ ہوتا چاہیے۔ آپ نے انہیں کہا تھا کہ آپ مجاہدین اسلام ہیں۔ لاکھوں لوگوں شہید ہوئے، اُس احسان کا یہ بدلہ دیا جا رہا ہے۔ ہم یہاں کے لوگوں کو تنبیہ کرتے ہیں کہ ان غریبوں کی جائیدادوں کو لوٹنے کی فکر میں نہ رہیں، ہم تمام افغانوں کو کہتے ہیں کہ آپ کے جو کارخانے، بنگلے، جائیدادیں ہیں۔ شریف لوگوں کے حوالے کر دیں جن میں پشتون، سندھی، بلوچ، پنجابی لوگ ہوں کہ بھائی میں جا رہا ہوں یہ میری جائیداد اور ملکیت ہے آپ کے پاس امانت اور میں پاسپورٹ لیکر واپس آؤنگا۔ لیکن یہ جو کچھ جس انداز میں جاری ہے یہ پاکستان، افغانستان اور بالخصوص افغان عوام کے دلوں میں وہ نفرتیں پیدا کر دیگا جس کو پھر سنبھالنا ہمارے لیئے مشکل ہوگا۔ مستونگ سے لیکر نسیلہ تک تمام بلوچستان کی زمینداری، زراعت افغانستان کے لوگوں نے سنبھالی ہے، اگر آپ نے فیصلہ کیا ہے کہ ہم نے انہیں مار بھگانا ہے تو یہ طریقہ غلط ہے اور ہم اس کی مذمت کرتے ہیں۔ میں آج بھی یہ کہوں گا کہ امریکہ، روس، فرانس، عرب ممالک آپ سب افغانوں کے مقروض ہیں، آپ کی باہمی جنگ کی وجہ سے وہ قوتیں جنہوں نے روسی فوجوں کا ساتھ دیا اور وہ قوتیں جنہوں نے افغانوں کو ان کے خلاف منظم کیا یہ سب بشمول چین، فرانس، جاپان ساری دنیا جو اس جنگ میں شامل تھی آپ نے اس جنگ میں افغانستان کو میدان جنگ بنا کر دنیا جہاں کے خطرناک اسلحے استعمال کیئے۔ افغانوں کے لاکھوں بچے مارے، ان کے وطن کو برباد کیا، آپ ان کے مقروض ہیں۔ افغانستان کی بربادی میں ملوث اُن تمام ممالک کا فرض بنتا ہے کہ آپ افغانستان کے انفراسٹرکچر کی بحالی، ری بلڈنگ، اس کی ترقی و خوشحالی میں اپنا کردار ادا کریں۔ انہوں نے کہا کہ SIFC، مائنز و منرل پر ہم تمام پارٹیوں مولانا فضل الرحمن صاحب اور سب سے ملاقات کرینگے۔ امریکہ، چین، جاپان، فرانس کوئی چاہتا ہے کہ خیبر پشتونخوا، بلوچستان کے علاقوں میں اپنے لئے منرلز پر سرمایہ کاری کرے تو آئیں یہاں خیبر پشتونخوا کے ذمہ داروں، گلگت بلتستان کے لوگوں، بلوچستان کے بلوچ پشتون سے بات کریں۔ ہمارے صوبے میں 200 میل کا علاقہ OGDCL وغیرہ کو الاٹ ہوا ہے۔ ایسا نہیں چلے۔ یہ ہمارا وطن ہے ہم اس کو بچانا چاہتے ہیں اور پاکستان کو چلانا چاہتے ہیں جس کا واحد راستہ یہ ہے کہ یہاں آئین کی بالادستی ہو، پارلیمنٹ طاقت کا سرچشمہ ہو، خارجہ و داخلہ پالیسیاں یہاں بنیں، قانون سب کیلئے برابر ہو۔ انہوں نے کہا کہ فلسطین انبیاء کرام علیہ اسلام کی زمین ہے جو صدیوں سے حق و باطل کی قوتوں کا میدان جنگ بنا رہا ہے۔ اس سرزمین کے لوگ 54 سے اوپر اسلامی ممالک کی موجودگی میں مارے جا رہے ہیں جن میں بچے اور خواتین شامل ہیں۔ اسرائیل اور فلسطین کو دو علیحدہ علیحدہ ریاست بنانی ہوں گی۔ پاکستان ایک خطرناک دوراہے پر ہے، میاں نواز شریف، مولانا فضل الرحمن، عوامی نیشنل پارٹی، جماعت اسلامی، پیپلز پارٹی کے اکابرین سب توبہ کریں، چار مہینے کے اندر شفاف غیر جانبدارانہ انتخابات کرائیں ٹھیک ہے عمران خان جیت جاتا ہے جیتنے دو۔ آئیں اس ملک کو چلائیں۔ عمران خان اچھا ہے یا برا، ایک دوسرے کو گالیاں دینے سے کوئی فائدہ نہیں، عمران خان پاپولر لیڈر ہے اس کو ضمانت پر جیل سے باہر نکالنا چاہیے، اگر یہاں سیٹ مین شپ ہوتی تو یہ پارلیمنٹ ایک ریزولیشن پاس کر دیتی کہ عمران خان کے کیسز ہم نے ختم کر دیے ہیں بلکہ تمام سیاسی قیدیوں کو رہا کیا جائے۔

# مدارس اسلام کے قلعے اور ملکی دفاع کی علامت ہیں، جمعیت

## دہشتگردی سے کوئی تعلق نہیں، وطن عزیز کی سلامتی پر کوئی سمجھوتہ نہیں کیا جائیگا، حافظ شرودی و دیگر کا خطاب

کوئٹہ (این این آئی) جمعیت علما اسلام ضلع کوئٹہ کے امیر مولانا حافظ حسین احمد شرودی، سیکرٹری اطلاعات مولانا محمد طاہر توحیدی، مولانا محمد یعقوب، مولانا عبدالقیوم یوسی چیئرمین توبہ کاکڑی مولانا محمد اخلاص مولانا قاری علی احمد جتوئی مولانا صہیب احمد شرودی و دیگر نے کہا ہے کہ دینی مدارس کے خلاف کوئی سازش کامیاب نہیں ہونے دیں گے۔ علماء نے ہمیشہ وطن عزیز کی سلامتی اور استحکام کیلئے صف اول کا کردار ادا کیا اور کرتے رہیں گے، دینی مدارس کے تحفظ اور دفاع کے لئے کسی قربانی سے دریغ نہیں کیا جائے گا۔ دینی مدارس کی عظمت و تقدس پر کسی قسم کی آنچ آنے نہیں دیں گے، مدارس اسلام کے مضبوط قلعے اور پاکستان کی بقاء اور دفاع کی علامت ہیں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے دربی ڈھاڈر میں مدرسہ علی بن طالب کی سالانہ دستار فضیلت کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ انہوں نے کہا کہ اہل مدارس نے ہمیشہ وطن عزیز کی سلامتی اور استحکام کیلئے صف اول کا کردار ادا کیا، اہل مدارس کی خدمات سے انکار ناممکن ہے۔ انہوں نے کہا کہ مدارس دہشتگردی کے نہیں امن و سلامتی کے مراکز ہیں ان کا دہشت گردی سے کوئی تعلق نہیں۔ دینی مدارس وطن عزیز کی سلامتی اور استحکام پر کوئی سمجھوتہ نہیں کریں گے۔

# افغان مہاجرین کا انخلا، حکومتی پالیسی کمزور ہے، جماعت اسلامی

## 17 اپریل کو کوئٹہ میں کانفرنس اور منعقد ہونیوالے جرگے میں اہم فیصلے کرینگے، عبدالمتین اخوندزادہ

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) جماعت اسلامی بلوچستان کے نائب امیر عبدالمتین اخوندزادہ، زاہد اختر بلوچ اور ڈاکٹر عطاء الرحمٰن نے کہا ہے کہ حکومت کی جانب سے افغان مہاجرین کے انخلا کے حوالے سے پالیسی بہت کمزور ہے، مہاجرین کے انخلا کے بارے میں 17 اپریل کو کوئٹہ میں کانفرنس اور جرگہ منعقد کر کے اہم فیصلے کریں گے۔ یہ بات انہوں منگل کو کوئٹہ پریس کلب میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے کہی، اس موقع پر مرتضیٰ کاکڑ، اعجاز محبوب، عبدالولی شاکر، حافظ نور علی سمیت دیگر بھی موجود تھے۔ انہوں نے کہا کہ افغان مہاجرین کے حقوق پامال کئے جا رہے ہیں، عالمی قوانین کے مطابق مسائل کے حل کو یقینی بنایا جائے، اگر کوئی پاکستانی بیرون ملک پیدا ہوتا ہے تو اسے وہاں کی شہریت دی جاتی ہے لیکن افغان مہاجرین کے ساتھ ملک میں اس کے برعکس رویہ روا رکھا جا رہا ہے، 40 سال تک ان کی خدمت اور مہمان نوازی کر کے اب انہیں جبری طور پر بیدخل کرنے سے مسائل بڑھیں گے جو دونوں ممالک کے حق میں بہتر نہیں۔ انہوں نے کہا کہ افغانوں کے ساتھ روا رکھا جانے والا سلوک درست نہیں، اس سے انسانی حقوق پامال ہو رہے ہیں، صوبائی حکومت کے پاس مہاجرین کا کوئی ریکارڈ نہیں، یو این ایچ سی آر سے ریکارڈ لیا جائے مہاجرین کے انخلا سے تجارت پر برے اثرات پڑ رہے ہیں، بارڈر ٹریڈ کے راستے بند ہو چکے ہیں جس سے چمن، تفتان، ماشکیل، مند، گوادر سمیت سرحدی علاقوں کے لوگ فاقہ کشی پر مجبور ہیں، تاجروں اور مقامی لوگوں کو کھربوں کا نقصان ہو رہا ہے۔ گورنر اور اسپیکر بلوچستان اسمبلی اس سلسلے میں اپنا کردار ادا کریں۔ ایک سوال پر انہوں نے کہا کہ پالیسیاں اصول کی بنیاد پر بنائی جائیں، مہاجرین کا اس طرح انخلا نیک شگون نہیں۔

# بلوچ پاکستان سے پہلے بھی اپنی سرزمین کے مالک تھے، طاہر بزنجو

## نوآبادیاتی پالیسیوں کو ترک کیا جائے بلوچ تیسرے درجے کے شہری نہیں، بیان

کوئٹہ (پ ر) نیشنل پارٹی کے سابق سینیٹر / دانشور میر طاہر بزنجو نے کہا ہے بلوچستان میں حکمران ظلم اور بے انصافیوں کے خوفناک نشانات چھوڑتے جا رہے ہیں جمہوریت کے بڑے علمبردار کہنے والے ذوالفقار علی بھٹو نے بھی بلوچوں کو نہیں بخشا بلوچ رہنماؤں کو گرفتار کر کے ان کے خلاف غداری کے مقدمات چلائے گئے اور 4 سال تک بلوچستان میں آگ اور خون کی ہولی کھیلی گئی انہوں نے کہا کہ جن لوگوں نے ملک توڑا وہ ایک دن کے لیے بھی جیل نہیں گئے بلکہ ان کو سرکاری پروٹوکول اور اعزازات کے ساتھ دفنایا گیا کیا انصاف کا مطالبہ کرنا جرم ہے؟ ہم کہتے ہیں کہ بلوچستان میں نوآبادیاتی پالیسیوں کو ترک کیا جائے بلوچ کوئی تیسرے درجے کے شہری نہیں وہ صدیوں سے اپنی سرزمین کے مالک ہیں جب پاکستان کو وجود بھی نہ تھا۔

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 3

Dated: 16 APR 2025

Page No. 20


## کوئٹہ میں غیر قانونی پارکنگ کا خاتمہ یقینی بنایا جائے، جمعیت نظریاتی

### جگہ جگہ اسٹینڈ سے عوام پریشان ہیں، شہریوں کیلئے پیدل چلنا بھی محال ہوچکا، قاری مہراللہ

کوئٹہ (پ ر) جمعیت نظریاتی ضلع کوئٹہ کے امیر مولانا قاری مہراللہ، جنرل سیکرٹری حاجی حبیب اللہ صافی، مولانا نیاز محمد، آغا ابراہیم شاہ، مولانا رحمت اللہ حقانی، مولانا محمد ابراہیم، حاجی نادر خان اچکزئی، حاجی محمد نور اخوندزادہ، مولانا شمس اللہ اور مولوی صالح محمد نے کہا ہے کہ جناح روڈ، آرٹ اسکول روڈ، تولہ رام روڈ، لیاقت بازار، قندھاری بازار اور گردونواح میں غیر قانونی پارکنگ ختم کی جائے جناح روڈ میں ہسپتالوں میں رش کے باوجود غیر قانونی پارکنگ قائم ہیں جس سے شہریوں کا پیدل چلنا بھی محال ہے جگہ جگہ اسٹینڈ اور ڈبل پارکنگ سے ٹریفک کی روانی شدید متاثر رہتی ہے رہنماؤں نے کہا کہ کوئٹہ میں کوئی ایسی سڑک نہیں جو چلنے کے قابل ہو شہر کی معروف ترین شاہراہوں پر ہیوی ٹریفک کے باعث رہی سہی کسر پوری ہورہی ہے ڈپٹی کمشنر ایس ایس پی ٹریفک اور ایڈمنسٹریٹر میٹروپولیٹن کارپوریشن غیر قانونی پارکنگ خاتمہ یقینی بنائیں۔

MASHRIQ QUETTA

## پشتون و بلوچ اقوام کی بقا خطرے میں ہے، پشتون سیاسی جماعتیں

2 سالوں پر محیط احتجاجی دھرنے چمن پرلت کو محض چند افراد کے روزگار کا مسئلہ کہنے والے عقل سلیم سے کام لیں، اصغر خان اچکزئی، ملک مجید کاکڑ، نصراللہ زیرے

مائنز اینڈ منرل ایکٹ پشتون بلوچ اقوام کا معاشی قتل عام اور حکمران اشرافیہ کی خوشحالی کیلئے لاگو کیا جارہا ہے، قادر علی نائل جاوید خان اچکزئی، صادق اچکزئی

چمن (نامہ نگار) ملت پال سیاسی جماعتوں کے رہنماؤں نے کہا ہے کہ پشتون افغان قوم تاریخ کے نازک ترین دور سے گزر رہی ہے طویل نسل کشی کے بعد اب ان کے معاشی قتل عام کے منصوبے روبہ عمل ہیں قدرت کے عطاء وسائل کی بے دردی سے لوٹ مار کے بعد اب اس لوٹ مار و قبضہ گیری کو قانونی جواز اور تحفظ دیا جارہا ہے دو سالوں پر محیط طویل ترین احتجاجی دھرنا چمن پرلت لاکھوں افراد کے ......... بقیہ 68 صفحہ نمبر 7 پر

روزگار کا مسئلہ ہے انہیں چند افراد کا مسئلہ کہنے والے عقل سلیم سے کام لیں مائنز اینڈ منرل ایکٹ پشتون بلوچ اقوام کا معاشی قتل عام اور حکمران اشرافیہ کی نسل در نسل خوشحالی کیلئے لاگو کیا جارہا ہے ہارڈ سٹیٹ کے نظریے کے تحت سیاست صحافت عدالت سب کچھ یرغمال بنایا گیا افغان کڈوال کو مقصد پورا ہونے پر ذلیل و خوار کرکے واپس بھیجنا اور دیئے گئے خطابات (مجاہدین اسلام/شیر اسلام) دھوکے کے سوا کچھ نہیں تھے ان خیالات کا اظہار عوامی نیشنل پارٹی کے صوبائی صدر اصغر خان اچکزئی پشتون تحفظ موومنٹ کور کمیٹی کے ممبر ملک مجید کاکڑ پشتونخوا نیشنل عوامی پارٹی کے صوبائی صدر نصراللہ خان زیرے ہزارہ ڈیموکریٹک پارٹی کے مرکزی ترجمان قادر علی نائل نیشنل ڈیموکریٹک پارٹی کے جاوید خان اچکزئی مرکزی انجمن تاجران کے رہنماء صدر صادق خان اچکزئی تاجر لغڑی اتحاد کے ذمہ داران غوث اللہ کمانڈر منڈولی فیض محمد گوئی اے این پی کے چیئرمین گل زمان عصمت وار خطا محمد علی مدلا پشتونخوا نیشنل عوامی پارٹی کے محمد اعظم خان اچکزئی پی ٹی ایم کے فدا محمد قبائلی نے چمن میں ڈیورنڈ لائن سے متصل تاریخی احتجاجی دھرنے (پرلت) کے شرکاء سے خطاب کے دوران کیا احتجاجی جلسہ عام کی صدارت پشتون تحفظ موومنٹ کے رکن مرکزی کمیٹی ملک مجید کاکڑ نے کی جس میں ہزاروں افراد نے شرکت کی مقررین نے کہا کہ مقتدرہ اشرافیہ اور فارم 47 کے نتیجے میں جعلی حکمران نہ صرف گونگے بہرے بلکہ اب بے حس ہیں چمن احتجاجی دھرنا اپنی نوعیت کا لمبا ترین احتجاج ہے لیکن انسانیت سے عاری جعلی حکمرانوں کو اس سے کوئی سروکار نہیں لاکھوں افراد کو روزگار سے محروم اور نان شبینہ کا محتاج بنادیا گیا ہے بے روزگاری کی وجہ سے لوگ منشیات فروشی اور منشیات کی فصلات بونے پر مجبور ہورہے ہیں جو ہماری آنے والی نسلوں کے خلاف ایک گہری سازش کا حصہ ہے مقررین نے کہا کہ افغانوں کو اپنے گھربار سے نکال کر انہیں بھائی بنا کر یہاں آباد کیا گیا آج مطلب پورا ہونے پر ان کی توہین وتضحیک میں کوئی کسر باقی نہیں چھوڑی جارہی انہیں دن رات لوٹا جارہا ہے مقررین نے کہا کہ پشتون بلوچ اقوام اس وقت تاریخ کے نازک ترین دور سے گزر رہی ہیں ان کی بقاء خطرے میں ہے سیاسی قیادتوں کو احتجاج کا بھی حق نہیں دیا جارہا

## اب عوام ہوشیار، موقع پرستوں کی حقیقت سے بخوبی آگاہ ہیں، مولانا عبدالواسع

سیاسی جماعتوں کی اصل ذمہ داری عوامی مفادات کی حفاظت، جمہوری اقدار کا تحفظ، جمعیت نے ہمیشہ آئینی حدود میں رہ کر سیاست کی، صوبائی امیر جمعیت

بلوچستان میں عوامی سطح پر سیاسی قیادت پر عدم اعتماد موجود جس کا نتیجہ سیاسی نظام میں انتشار کی صورت میں نکل رہا ہے، سینیٹر

جماعتی نظریات و اصولوں پر سمجھوتہ قبول نہیں بلکہ ہمیشہ اپنے فیصلوں پر عمل پیرا رہیں گے، آغا محمود شاہ

کوئٹہ (این این آئی) صوبائی امیر جمعیت علماء اسلام بلوچستان سینیٹر مولانا عبدالواسع صوبائی جنرل سیکرٹری مولانا آغا محمود شاہ نے کہا کہ جمعیت علماء اسلام ہمیشہ آئین اور جمہوریت کی بقاء اور استحکام کیلئے محو جدوجہد رہی ہے اس مقصد کیلئے جمعیت علماء اسلام نے تمام نظریاتی سیاسی جماعتوں کے ساتھ ہم آہنگی کیلئے پیشرفت کی انہوں نے کہا کہ سیاسی جماعتوں کی اصل ذمہ داری عوامی مفادات کی ......... بقیہ 78 صفحہ نمبر 7 پر

حفاظت اور جمہوری اقدار کا تحفظ ہے جمعیت علماء اسلام نے ہمیشہ آئینی حدود میں رہ کر سیاست کی ہے اور کسی بھی غیر جمہوری عمل کو رد کیا یہ جماعت نہ صرف اپنے نظریاتی اصولوں پر قائم رہ کر ملکی سیاست میں حصہ لے بلکہ جمہوریت کی مضبوطی کے لئے بھی کام کررہی ہے یہاں جاری کردہ ایک بیان میں انہوں نے بلوچستان میں موجود سب سے بڑا مسئلہ عوام میں عدم اعتماد کا ذکر کیا انہوں نے کہا کہ بلوچستان میں عوامی سطح پر سیاسی قیادت پر عدم اعتماد پایا جاتا ہے، جس کا نتیجہ عوامی مسائل کے حل میں کمی اور سیاسی نظام میں انتشار کی صورت میں نکل رہا ہے ان کے مطابق جمعیت علماء اسلام اس عدم اعتماد کو ختم کرنے کی کوشش میں سب سے آگے ہے اور اس نے ہمیشہ عوام کے مسائل حل کرنے کیلئے جدوجہد کی ہے

## کچھ لوگ آقاؤں کو خوش کرنے کیلئے فورسز کو نشانہ بنارہے ہیں، ضیاء لانگو

### پولیس وین پر دھماکہ قابل مذمت، اہلکاروں کی قربانیاں رائیگاں نہیں جائیں گی، سابق وزیر

کوئٹہ (آن لائن) بلوچستان عوامی پارٹی کے رہنماء وسابق وزیر داخلہ میر ضیاء اللہ نے مستونگ میں پولیس وین پر ہونے والے دھماکہ کی مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ سیکورٹی فورسز اور دیگر قانون نافذ کرنے والے اداروں نے عوام کی جان ومال کے تحفظ کیلئے بہت بڑی قربانیاں دی ہیں اور ان کی قربانیاں رائیگاں نہیں جائیں گی میر ضیاء اللہ لانگو نے اپنے جاری کردہ بیان میں کہا کہ اس وقت بلوچستان میں کچھ لوگ ملک دشمنوں عناصر کیساتھ ملکر ......... بقیہ 61 صفحہ نمبر 7 پر

اپنے آقاؤں کو خوش کرنے کے لئے سیکورٹی فورسز، پولیس اور ایف سی کو نشانہ بنارہے ہیں جس کی جتنی بھی مذمت کی جائے وہ کم ہے بلوچستان کے پولیس اور لیویز اہلکاروں نے عوام کی جان ومال کے تحفظ کیلئے ناقابل قربانیاں دی ہیں قوم انہیں بہادری پر سلام پیش کرتی ہے مستونگ بم دھماکہ میں شہید پولیس اہلکاروں کے درجات کی بلندی اور زخمیوں کی جلد صحت یابی کیلئے دعاگو ہیں۔

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: INTEKHAB QUETTA

Bullet No. 3

Dated: 16 APR 2025

Page No. 21

# بی یو جے کی کال پر پیکا ایکٹ کیخلاف یوم سیاہ

## صحافیوں کی گرفتاریوں اور مقدمات کیخلاف کوئٹہ پریس کلب کے باہر مظاہرہ، آزادی اظہار رائے یقینی بنانے کا مطالبہ

### آزادی صحافت کی راہ میں حائل رکاوٹیں فی الفور دور کی جائیں، پیکا ایکٹ واپس لیا جائے، مظاہرین سے رہنماؤں کا خطاب

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان یونین آف جرنلسٹس (بی یو جے) نے پیکا ایکٹ کے تحت صحافیوں کے خلاف درج ہونے والے مقدمات، گرفتاریوں اور روزنامہ آزاد جموں وکشمیر کی بندش کے خلاف ہونے والی سازشوں کی مذمت کرتے ہوئے مطالبہ کیا ہے کہ آزادی صحافت کی راہ میں حائل رکاوٹیں فی الفور دور کی جائیں پاکستان فیڈرل یونین آف جرنلسٹس (پی ایف یو جے) کی کال پر بلوچستان یونین آف جرنلسٹس (بی یو جے) کے زیر اہتمام منگل کو صحافیوں نے صوبے بھر میں یوم سیاہ منایا اور آزادی اظہار رائے کے خلاف ہونے والے ملک گیر اقدامات کے خلاف بھرپور احتجاج ریکارڈ کرایا۔

یوم سیاہ بقیہ نمبر 34 صفحہ 5 پر

کے موقع پر کوئٹہ میں پریس کلب پر سیاہ جھنڈا لہرایا گیا اور صحافیوں نے بازوؤں پر سیاہ پٹیاں باندھ کر اپنے فرائض سرانجام دیے۔ اس دوران احتجاجی مظاہرے سے خطاب کرتے ہوئے صدر، کوئٹہ پریس کلب عرفان سعید، صدر بی یو جے خلیل احمد کا کہنا تھا کہ ملک میں آزادی صحافت کی راہ میں ایک منظم منصوبے کے تحت رکاوٹیں حائل کر کے صحافیوں کو فرائض کی آدائیگی سے روکا جا رہا ہے اور حقائق پر مبنی رپورٹنگ کرنے والے متعدد صحافیوں کے خلاف پیکا جیسے کالے قانون کے تحت مقدمات درج کیے جا رہے ہیں جو کہ نہ صرف انسانی حقوق بلکہ آزادی اظہار رائے جیسے بنیادی آئینی حق کی بھی خلاف ورزی ہے۔ مقررین نے مطالبہ کیا کہ روزنامہ آزاد جموں وکشمیر سمیت دیگر اداروں سے وابستہ صحافیوں کے خلاف درج مقدمات فی الفور واپس لے کر پیکا ایکٹ کو ختم کیا جائے تاکہ آزادی صحافت کی راہ میں حائل رکاوٹیں دور ہو سکیں۔

## مشرقی بائی پاس، ہیئر ڈریسر کی دکان پر فائرنگ سے حجام ہلاک

**احسان اللہ منگی کو نشانہ بنا کر حملہ آور فرار ہوگئے، کیس سریس کرائم انویسٹی گیشن ونگ منتقل**

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) مشرقی بائی پاس پرکانی اسٹریٹ میں نامعلوم موٹر سائیکل سواروں نے ہیر ڈریسر کی دکان پر فائرنگ کر کے مالک کو ہلاک کر دیا پولیس کے مطابق مشرقی بائی پاس کے علاقے پرکانی اسٹریٹ میں رہائش پذیر احسان اللہ ولد امداد منگی گزشتہ شب اپنی ہیر ڈریسر کی دکان میں تھا اسی دوران دو نامعلوم موٹر سائیکل سوار اس پر فائرنگ کرتے ہوئے فرار ہوگئے اطلاع ملنے پر پولیس نے موقع پر پہنچ کر لاش کو ہسپتال پہنچایا جہاں ضروری کارروائی کے بعد لاش ورثا کے حوالے کر دی جبکہ منظور شہید پولیس نے مقدمہ درج کر کے کیس سریس کرائم انویسٹی گیشن ونگ منتقل کر دیا۔

## کوئٹہ نشے کے عادی شخص کی فائرنگ سے بیوی اور 2 بیٹے ہلاک، بہو زخمی

**چھوٹا بیٹا معجزانہ طور پر بچ گیا، شدید زخمی بیوی ملال بی بی ہسپتال میں دم توڑ گئی، نواب خان موقع سے فرار، لاشیں ورثاء کے حوالے**

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) نشے کے عادی شخص نے معمولی تکرار پر فائرنگ کر کے بیوی اور دو بیٹوں کو ہلاک جبکہ بہو کو خنجر کے وار کر کے زخمی کر دیا۔ پولیس کے مطابق مشرقی بائی پاس کے علاقے حاجی امیر جان گلی میں رہائش پذیر نواب خان ولد گل محمد نے منگل کی شام گھر میں معمولی تکرار پر فائرنگ کر کے دو بیٹوں جمعہ خان، محمد یوسف کو ہلاک جبکہ بیوی ملال بی بی اور بہو رقیہ بی بی کو زخمی کر دیا، واقعے کی اطلاع ملنے پر پولیس نفری نے موقع پر پہنچ کر علاقے کو گھیرے میں لے کر لاشیں اور زخمیوں کو ہسپتال پہنچایا جہاں ملزم کی بیوی زخموں کے تاب نہ لاتے ہوئے جاں بحق ہو گئی، ہسپتال میں ضروری کارروائی کے بعد لاشیں ورثاء کے حوالے کر دی گئیں۔ معجزانہ طور پر محفوظ رہنے والے ملزم کے چھوٹے بیٹے نے پولیس کو بتایا کہ اس کا باپ نشے کا عادی ہے، جسے بحالی سنٹر میں علاج کیلئے داخل کرایا گیا، جہاں ڈیڑھ سال اس کا علاج ہوتا رہا، رمضان میں والد واپس گھر آیا اور آج میرا بھائی جمعہ خان کمرے میں موبائل فون دیکھ رہا تھا کہ والد اس کے کمرے میں گئے اور اس پر فائرنگ کر دی، اس کے بعد میری ماں جو دوسرے کمرے میں تھی نے ڈر کر کمرہ بند کر لیا، باپ نے دروازہ کھولنے کو کہا نہ کھولنے پر باپ نے دروازے پر ہی فائرنگ کر دی۔ بچے نے مزید بتایا کہ اسی دوران میرا بڑا بھائی محمد یوسف آیا اس نے والد کو کہا کہ میری ماں کو چھوڑ دو مگر اس نے میرے بھائی پر بھی فائرنگ کر دی جبکہ میری بھابھی جو قریب ہی موجود تھی میرے والد نے اس پر خنجر کے وار کئے اور گھر سے بھاگ گیا۔ خالق شہید پولیس نے مقدمہ درج کر کے ملزم کی گرفتاری کیلئے چھاپے مارنا شروع کر دیئے۔

## لاکھڑا میں فائرنگ سے خاتون زخمی

حب (نامہ نگار) لاکھڑا کے نواحی علاقے زنزب میں فائرنگ سے موٹر سائیکل پر سوار خاتون زخمی ہوگئی ایس پی لسبیلہ عاطف امیر کے مطابق واقعہ پرانی دشمنی کا شاخسانہ ہے فریقین کے درمیان تصفیہ ہوا تھا ایک فریق کی جانب سے جرمانہ ادا نہ کرنے پر دوسرے فریق نے مخالفین کو نشانہ بنایا۔

INTEKHAB QUETTA

## بھرے بازار میں دن دیہاڑے ڈکیتی، مسلح افراد موٹر سائیکل لے اُڑے

تربت (نمائندہ انتخاب) تربت بھرے بازار میں دن دیہاڑے ڈکیتی، مسلح افراد موٹر سائیکل لے اُڑے، تربت کے معروف ترین علاقے دشتی مارکیٹ میں منگل کے روز ڈکیتی کا ایک حیران کن واقعہ پیش آیا، اطلاعات کے مطابق ایک نوجوان نے اپنی موٹر سائیکل مارکیٹ میں کھڑی کی اور قریبی ٹیلر کی دکان پر چلا گیا جب وہ واپس آیا تو دیکھا کہ دو افراد اس کی موٹر سائیکل کا لاک کھول چکے تھے، مذکورہ بقیہ نمبر 6 صفحہ 5 پر

نوجوان نے مزاحمت کی کوشش کی تاہم ملزمان نے اس کے سر پر پستول تان کر اسے دھمکایا اور اس کی موٹر سائیکل لے کر فرار ہوگئے۔

## اوستہ محمد لین دین کے معاملے پر فائرنگ سے 1 شخص جاں بحق

اوستہ محمد (نمائندہ خصوصی) اوستہ محمد لین دین پر جھگڑا فائرنگ سے صوبہ خان پندرانی نامی نوجوان قتل ملزمان فرار ہوگئے تفصیلات کے مطابق سٹی پولیس تھانہ کی حدود میں لین دین کے معاملے پر فائرنگ سے صوبہ خان ولد ابراہیم قوم پندرانی موقع پر ہلاک ہوگیا ......... بقیہ 48 صفحہ نمبر 7 پر

واقعے کی اطلاع ملتے ہی پولیس نے موقع پر پہنچ کر لاش کو تحویل میں لیکر ضروری کارروائی کے بعد ورثاء کے حوالے کر دی۔ ملزمان کی گرفتاری کیلئے مختلف علاقوں میں چھاپوں کا سلسلہ جاری ہے مزید کارروائی جاری ہے۔

MASHRIQ QUETTA

## مستونگ میں پولیس کی بس کے قریب دھماکہ، 3 جوان شہید، 20 زخمی

**بلوچستان کانسٹیبلری کے اہلکار قلات سے مستونگ آرہے تھے، محمد امین، محمد رحیم، عبدالحمید بگٹی موقع پر شہید ہوئے**

**ممتاز احمد، ظہور احمد، نثار احمد، عبدالغیاث، ثناء اللہ، سدھیر احمد، عبدالصمد، ممتاز اسلم، محمد حیات، عدنان محمد زخمی ہوگئے**

**دیگر زخمی قدیر احمد، اللہ داد، علی محمد، عادل علی، محمد سلیم، قربان، عبدالمالک، ریاض احمد، محمد انور ہسپتال منتقل، تحقیقات جاری**

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) مستونگ میں پولیس کی بس پر دھماکے کے نتیجے میں بلوچستان کانسٹیبلری کے 3 اہلکار شہید جبکہ 20 زخمی ہوگئے۔ زخمیوں میں 2 کی حالت تشویشناک بتائی جاتی ہے زخمیوں اور لاشوں کو ہسپتال منتقل کر دیا گیا ہے۔ پولیس ذرائع کے مطابق گزشتہ......... بقیہ 3 صفحہ نمبر 7 پر

روز دھماکے قلات سے بلوچستان کانسٹیبلری کے اہلکاروں کو لیکر آنے والی بس کو نامعلوم دہشت گردوں کی جانب سے دھماکہ خیز مواد سے نشانہ بنایا گیا جس کے نتیجے میں کوچ میں سوار 3 اہلکار محمد امین سکنہ بی، محمد رحیم سکنہ جگور، عبدالحمید ڈیرہ بگٹی موقع پر جاں بحق جبکہ ممتاز احمد، ظہور احمد، نثار احمد، عبدالغیاث، ثناء اللہ، سدھیر احمد، عبدالصمد، ممتاز اسلم، دل وس، محمد حیات، عدنان محمد، قدیر احمد، اللہ داد، علی محمد، عادل علی، محمد سلیم، قربان، عبدالمالک، ریاض احمد، محمد انور سمیت دیگر زخمی ہوگئے دھماکے کی اطلاع ملتے ہی مقامی انتظامیہ ریسکیو ٹیمیں بم ڈسپوزل اسکواڈ سیکورٹی فورسز کے اہلکار موقع پر پہنچ گئے جنہوں نے نعشوں اور زخمیوں کو ہسپتال منتقل کر دیا۔ ترجمان بلوچستان حکومت شاہد رند نے بتایا کہ دھماکا مستونگ کے علاقے کنڈ سوری کے قریب ہوا جہاں آرٹی سی قلات سے پولیس اہلکاروں کو لیکر آنے والی بس پر آئی ای ڈی دھماکا کیا گیا جس سے 3 اہلکار شہید اور 20 زخمی ہوئے۔ انہوں نے بتایا کہ نواب غوث بخش رئیسانی ہسپتال مستونگ، بولان میڈیکل کمپلیکس ہسپتال اور سول ہسپتال میں ایمرجنسی نافذ کر دی گئی ہے اور تمام ڈاکٹرز عملے کو طلب کر لیا گیا ہے اور دھماکے کے زخمیوں کو کوئٹہ منتقل کیا گیا۔

## کوہلو بارودی سرنگ دھماکہ میں 1 شخص جاں بحق

کوئٹہ (این این آئی) کوہلو میں بارودی سرنگ کے دھماکے میں ایک شخص جاں بحق ہوگیا، لیویز حکام کے مطابق منگل کو کوہلو تحصیل کاہان میں پوڑھ کے مقام پر بارودی سرنگ کا زوردار دھماکہ ہوا جس کی زد میں آکر شاہ بخش نامی شخص جاں بحق ہوگیا۔ واقعہ کے بعد لیویز نے جائے وقوعہ پر پہنچ کر لاش کو ہسپتال منتقل کر دیا

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: AZADI QUETTA

Bullet No. 5

Dated: 16 APR 2025 Page No. 23

# جامعہ بلوچستان میں تدریسی عمل کی بحالی، احسن اقدام!

بلوچستان یونیورسٹی میں ایک ماہ بعد تدریسی عمل بحال ہوگیا، بلوچستان یونیورسٹی کو گزشتہ ماہ سیکورٹی خدشات کے باعث بند کیا گیا تھا۔ بلوچستان یونیورسٹی کی انتظامیہ کے مطابق یونیورسٹی میں تدریسی سرگرمیاں ورچوئل لرننگ پر منتقل کردی گئی تھیں۔ یونیورسٹی اکیڈمک سٹاف ایسوسی ایشن کے رہنما پروفیسر کلیم اللہ کا کہنا ہے کہ بلوچستان یونیورسٹی کا مالی بحران برقرار ہے، یونیورسٹی اساتذہ اور ملازمین کو تاحال مارچ کی تنخواہیں نہیں ملیں۔ بہرحال بلوچستان یونیورسٹی میں تدریسی عمل شروع ہونے سے طلبہ کی تعلیمی سرگرمیاں جاری رہیں گی۔ بلوچستان یونیورسٹی صوبے کی سب سے بڑی جامعہ ہے جہاں کوئٹہ سمیت بلوچستان کے دور دراز علاقوں سے تعلق رکھنے والے طلباء وطالبات کی بڑی تعداد تعلیم حاصل کررہی ہے۔ جامعہ کی بندش سے یقیناً تدریسی عمل پر منفی اثرات مرتب ہوں گے اور وہ بھی ایک ایسے صوبہ میں جہاں پہلے سے ہی متعدد اسکولز بند پڑے ہیں، اساتذہ کی کمی اور غیر حاضری سمیت بنیادی سہولیات کا فقدان ہے، لاکھوں بچوں کا اسکول سے باہر ہونا صوبے کے مستقبل کو تاریک بناتا ہے۔ بہرحال موجودہ حکومت کی جانب سے اسکولوں کی بحالی پر تیزی سے کام جاری ہے اور اساتذہ کو ڈیوٹی کا پابند کرنے کے ساتھ اسکولوں کی بہتری کیلئے ٹھوس اقدامات اٹھائے جارہے ہیں جس سے بہتر نتائج حاصل ہونگے۔ بلوچستان یونیورسٹی کو بہترین سہولیات سمیت مالی بحران سے نکالنےکے لیے خصوصی توجہ کی ضرورت ہے تاکہ یونیورسٹی کے اساتذہ اور ملازمین مالی مشکلات کا شکار نہ ہوں۔ بلوچستان یونیورسٹی سے بیشتر اسٹوڈنٹس بہترین تعلیم حاصل کرنے کے بعد آج مختلف شعبوں میں اپنے فرائض سرانجام دے رہے ہیں جبکہ بعض بیرونی ممالک میں بہترین اداروں میں کام کررہے ہیں۔ بلوچستان میں تعلیمی معیار کو مزید بہتر بنا کر نوجوانوں کے مستقبل کو روشن اور تابناک بنایا جاسکتا ہے بلوچستان کے نوجوانوں میں صلاحیت بہت ہے بس انہیں مواقع فراہم کرنے کی ضرورت ہے۔ یہ خوش آئند عمل ہے کہ جامعہ بلوچستان میں تدریسی عمل بحال ہوگیا ہے نوجوان اپنا تعلیم سفر جاری رکھیں گے اور مستقبل میں صوبہ کا نام روشن کرینگے۔

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 5

Dated: 16 APR 2025 Page No. 24


## دہشت گردی کا ناسور: سیاسی و عسکری قیادت کا دوٹوک موقف

پاک فوج کے سربراہ جنرل عاصم منیر نے کہا ہے کہ پاکستان کے دشمنوں کا یہ خیال ہے کہ مٹھی بھر دہشت گرد پاکستان کی تقدیر کا فیصلہ کر سکتے ہیں جبکہ دہشت گردوں کی 10 نسلیں بھی بلوچستان اور پاکستان کا کچھ نہیں بگاڑ سکتیں۔ چیف آف آرمی اسٹاف جنرل سید عاصم منیر نے پہلے اوورسیز پاکستانیز کنونشن سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ میں آج بیرون ملک مقیم پاکستانیوں کے جذبات دیکھ کر بہت متاثر ہوا ہوں اور میں آپ کو یقین دلاتا ہوں کہ آپ کے لیے ہمارے جذبات اس سے بھی زیادہ مضبوط ہیں۔ انہوں نے کہا کہ آپ صرف پاکستان کے سفیر ہی نہیں بلکہ پاکستان کی وہ روشنی ہیں جو پورے اقوام عالم پر پڑتی ہے، جو لوگ برین ڈرین کا بیانیہ بناتے ہیں، وہ جان لیں کہ یہ برین ڈرین نہیں بلکہ برین گین ہے اور بیرون ملک پاکستانی اس کی عمدہ ترین مثال ہیں۔ سمندر پار پاکستانیوں کو مخاطب کر کے ان کا کہنا تھا کہ آپ سب پاکستان کی کہانی اپنی اگلی نسل کو سنائیں گے اور وہ کہانی جس کی بنیاد پر ہمارے آباؤ اجداد نے پاکستان حاصل کیا۔ آرمی چیف نے کہا کہ بلوچستان پاکستان کی تقدیر اور ہمارے ماتھے کا جھومر ہے، جب تک اس ملک کے غیور عوام افواج پاکستان کے ساتھ کھڑے ہیں، آپ کی فوج ہر مشکل سے باآسانی سے نبرد آزما ہو سکتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ اللہ تعالیٰ نے پاکستان کو بے بہا وسائل سے نوازا ہے جس پر ہمیں ہر وقت شکر ادا کرنا چاہیے، ہم آج مل کر یہ واضح پیغام دے رہے ہیں کہ "جو پاکستان کی ترقی کے راستے میں حائل ہوگا ہم مل کر اس رکاوٹ کو ہٹا دیں گے"۔ آرمی چیف نے اوورسیز پاکستانیوں سے مخاطب ہو کر کہا کہ "آپ جس ملک میں بھی ہوں، یاد رکھیں کہ آپ کی میراث ایک اعلیٰ معاشرے، نظریے اور تہذیب سے ہے"، نامساعد حالات کے آگے بطور مسلمان اور پاکستانی نہیں گھبراتے، ہم کبھی بھی مشکلات اور دشواریوں کے سامنے نہ جھکے ہیں اور نہ جھکیں گے۔ انہوں نے کہا کہ جب تک اس ملک کے غیور عوام افواج پاکستان کے ساتھ کھڑے ہیں پاکستان کو کوئی نقصان نہیں پہنچا سکتا، قوم اپنے شہدا کو نہایت عزت اور وقار کی نظر سے دیکھتی ہے، ان کی قربانی لازوال ہے جس پر کبھی ملال نہ آنے دیں گے۔ آرمی چیف جنرل عاصم منیر نے کہا کہ ہم پاکستان کو اس مقام پر لے جانا چاہتے ہیں جس کا خواب قائداعظم نے دیکھا تھا اور آپ ہمیشہ اپنا سر فخر سے بلند رکھیں کیونکہ آپ کا تعلق کسی عام ملک سے نہیں بلکہ آپ ایک عظیم اور طاقت ور ملک کے نمائندے ہیں۔ کشمیر پاکستان کی شہ رگ تھا، ہے اور ہمیشہ رہے گا، اسی طرح پاکستانیوں کا دل ہمیشہ غزہ کے مسلمانوں کے ساتھ دھڑکتا ہے۔ آرمی چیف نے کہا کہ پاکستان کی ترقی کا سفر جاری ہے، سوال یہ نہیں کہ پاکستان نے کب ترقی کرنی ہے بلکہ اصل سوال یہ ہے کہ پاکستان نے کتنی تیزی سے ترقی کرنی ہے۔ اپنے خطاب کے اختتام پر آرمی چیف اور شرکا نے ''پاکستان ہمیشہ زندہ باد'' کا نعرہ لگایا۔ اس موقع پر وزیراعظم شہباز شریف نے کہا کہ سپہ سالار عاصم منیر ایک سچے پاکستانی اور زبردست پروفیشنل ہیں، ان کے جو دل میں ہوتا ہے وہی زبان پر بھی ہوتا ہے، پاکستان کا دفاع محفوظ ہے کوئی میلی آنکھ سے نہیں دیکھ سکتا۔ شہباز شریف نے یہ بھی کہا کہ ملک میں ہونے والی دہشت گردی کے تانے بانے جہاں سے ملتے ہیں، کون ان کو پیسے دے رہا ہے، اس کا سب کو پتہ ہے۔

ہارڈ اسٹیٹ اور سافٹ اسٹیٹ کے تقاضوں میں فرق ہوتا ہے، معاشی استحکام ٹیم ورک کا نتیجہ ہے، پاکستان معاشی طاقت بنے گا۔ وزیراعظم شہباز شریف کا کہنا تھا کہ دہشت گردی کے خلاف جنگ میں پاکستان کی قربانیاں سب سے زیادہ ہیں اسی ہزار افراد نے دہشتگردی کے خلاف جنگ میں جام شہادت نوش کیا۔ انہوں نے کہا کہ غزہ میں ظلم اور زیادتی ہو رہی ہے، سیز فائر کی دھجیاں اڑائی جا رہی ہے۔ پاکستان اس وقت دو اطراف سے دہشت گرد حملوں کی زد میں ہے۔ اب عملی اقدام کرنے کا حقیقی معنوں میں فیصلہ کر لیا گیا ہے، ترجیحات بھی متعین کر لی گئی ہیں، اب وفاق یکسو ہو گیا ہے کہ صوبوں کی مشاورت کے بغیر کوئی فیصلہ نہیں کیا جائے گا، صوبوں میں کاؤنٹر ٹیررازم ڈپارٹمنٹ کی استعداد کار کو بڑھایا جائے گا، اور صوبوں کو وسائل دیے جائیں گے۔ پہلے مرحلے میں نیشنل انٹیلی جنس فیوژن اینڈ تھریٹ اسسمنٹ سینٹرز قائم کیے جائیں گے، فرنٹیئر کانسٹیبلری کی تنظیم نو کی جائے گی اور اسے ریزرو پولیس میں تبدیل کیا جائے گا، وزارتِ خارجہ افغان حکومت کے ساتھ روابط بڑھائے گی اور دہشت گردی کے مسئلے سے مؤثر طریقے سے نمٹا جائے گا۔ بلوچستان میں تشدد کے سلسلے کا تفصیل سے جائزہ لے کر اسے بند کرنے کی راہ اپنائی جائے گی، حق سے محروم لوگوں کو مزاحمت کاروں سے الگ کرنے کی حکمت عملی پر عمل کیا جائے گا، تاہم ان فیصلوں پر نتیجہ خیز عمل درآمد کے لیے ملک میں گزشتہ کئی سال سے جاری سیاسی انتشار اور محاذ آرائی پر قابو پانا بھی ناگزیر ہے۔ ان تمام مشکلات کے باوجود، پاکستان کی دہشت گردی کے خلاف ثابت قدمی نے بین الاقوامی سطح پر جزوی طور پر پذیرائی حاصل کی ہے۔ حال ہی میں، امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے ایک ہائی پروفائل دہشت گرد کی گرفتاری میں پاکستان کے کردار کو تسلیم کرتے ہوئے اس کے تعاون کو عالمی سلامتی کے لیے ناگزیر قرار دیا۔ اسی طرح، سابق امریکی وزیر خارجہ ہلیری کلنٹن نے اعتراف کیا کہ سوویت افواج کو شکست دینے میں پاکستان کی مدد لینے کے بعد، امریکا نے اسے تنہا چھوڑ دیا، جس کے نتیجے میں شدت پسند گروہوں کو پنپنے کا موقع ملا اور خطے میں عدم استحکام پیدا ہوا۔ دہشت گردی کے خلاف میدان جنگ میں، پاکستان نے نمایاں کامیابیاں حاصل کی ہیں۔ اس کی مسلح افواج اور انٹیلی جنس ایجنسیاں بڑے دہشت گرد گروہوں کو ختم کرنے میں کامیاب رہی ہیں، جس کے نتیجے میں حملوں کی شدت اور تعداد میں نمایاں کمی آئی ہے۔ فوجی آپریشنز، جیسے کہ ضربِ عضب اور ردالفساد، نے ان علاقوں میں امن بحال کرنے میں اہم کردار ادا کیا جو پہلے شدت پسندی کا مرکز تھے۔ پاکستانی عوام کی استقامت اور محافظوں کی قربانیوں نے ملک کو انتہا پسندی کے آگے جھکنے نہیں دیا۔ مستقبل کے لیے، پاکستان کو اقتصادی بحالی، اسٹریٹجک علاقائی سفارت کاری، اور فعال عالمی شمولیت کی طرف بڑھنا ہوگا۔ اس کی قربانیوں کو اقتصادی شراکت داری، بنیادی ڈھانچے کی ترقی، اور بین الاقوامی فورمز میں منصفانہ سلوک کے ذریعے ٹھوس فوائد میں تبدیل ہونا چاہیے۔ صرف دانشمندانہ پالیسی سازی اور متوازن خارجہ پالیسی کے ذریعے ہی پاکستان یہ یقینی بنا سکتا ہے کہ اس کی استقامت دیرپا فوائد میں ڈھلے اور قوم ایک مستحکم اور خوشحال مستقبل کی طرف ہو۔

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: Balochistan Time Quetta

Bullet No. 5

Dated: 16 APR 2025 Page No. 25

# Sale of substandard food


The vibrant cooking landscape of Quetta and other parts of Balochistan, teeming with restaurants, food points, and bustling food stalls harbors severe impacts upon the human body. This insidious practice, driven by unscrupulous elements prioritizing profit over public health, poses a significant threat to the well-being of the masses. The apparent lack of effective check and balance mechanisms allows these harmful substances to proliferate, demanding immediate and stringent action from the provincial government and the Balochistan Food Authority (BFA). The consequences of consuming substandard food, be it adulterated oil, counterfeit beverages, or contaminated milk, are far-reaching and deeply detrimental to human health. Children, the elderly, and those with compromised immune systems are particularly vulnerable to the harmful effects of these substandard products. The economic burden on families and the healthcare system due to food-borne illnesses is also substantial, further underscoring the urgency of addressing this issue. The persistence of this problem points to a systemic failure in oversight and enforcement. While the Balochistan Food Authority was established with the mandate to ensure food safety and standards, its efforts appear to be insufficient in stemming the tide of substandard food being sold across the province. The sheer volume of food establishments, coupled with potential resource constraints and loopholes in the regulatory framework, may be contributing to this challenge. However, this cannot be an excuse for inaction. The health and safety of the citizens of Balochistan are paramount and demand a more robust and proactive approach. A multi-pronged strategy is essential to effectively curb the sale of substandard food. Firstly, the Balochistan Food Authority must significantly intensify its inspection and monitoring activities. This requires increasing the number of trained food safety officers, equipping them with the necessary resources and technology for efficient testing and surveillance. The current fines and punishments may not be a sufficient deterrent for individuals and businesses willing to compromise public health for financial gain. Exemplary punishments, including hefty fines, business closures, and even imprisonment for repeat offenders, are necessary to send a strong message that such practices will not be tolerated. The sale of substandard food is not merely a matter of economic malpractice; it is a direct assault on the health and well-being of the people of Balochistan. The provincial government and the Balochistan Food Authority have a moral and legal obligation to protect their citizens from this silent menace.

# بی این پی دھرنا، حکومت سے مذاکرات نہ ہونے پر سیاسی صورتحال کشیدہ




**کوئٹہ سے رضاالرحمان کا تجزیہ**

بلوچستان نیشنل پارٹی کے دو ہفتوں سے جاری دھرنے کے معاملہ پر بی این پی اور بلوچستان حکومت کے درمیان مذاکرات میں پیش رفت نہ ہونے سے پیدا ہونے والے ڈیڈ لاک نے صوبے میں سیاسی کشمکش اور بے یقینی کی صورتحال پیدا کر دی ہے۔ ایسے میں پیپلز پارٹی اور مسلم لیگ (ن) سے تعلق رکھنے والے صوبائی وزراء اور بلوچستان نیشنل پارٹی کے درمیان ہونے والی لفظی گولہ باری نے سیاسی درجہ حرارت کو مزید بڑھا دیا ہے، سردار اختر مینگل کی پیپلز پارٹی اور مسلم لیگ (ن) کی قیادت پر سخت تنقید کے جواب میں پیپلز پارٹی اور مسلم لیگ (ن) کے صوبائی وزرا اور ارکان اسمبلی صادق عمرانی، علی مدد جتک، بخت محمد کاکڑ، میر سلیم کھوسہ، راحیلہ حمید درانی ودیگر نے پریس کانفرنس کرتے ہوئے سردار اختر مینگل پر سنگین الزامات عائد کر کے حکومت کا دفاع کیا، اس کشیدہ ماحول میں کمی لانے کیلئے بلوچستان اسمبلی میں موجود تیسری بڑی پارلیمانی جماعت جمعیت علماء اسلام اور نیشنل پارٹی کی قیادت حکومت اور بلوچستان نیشنل پارٹی کے درمیان ثالثی کا کردار ادا کرنے کی کوشش کر رہی ہے، نیشنل پارٹی کے سربراہ سابق وزیراعلیٰ بلوچستان ڈاکٹر عبدالمالک بلوچ نے گزشتہ دنوں مسلم لیگ (ن) کے قائد اور سابق وزیراعظم میاں محمد نواز شریف سے لاہور میں نیشنل پارٹی کے رہنماؤں کے ہمراہ ایک اہم ملاقات میں ان سے بلوچستان کے معاملات میں قومی مفاہمت کی پالیسی اپنانے، بات چیت کا دروازہ کھولنے اور اس کے لیے درکار اعتماد سازی کے اقدامات کیلئے کردار ادا کرنے کی درخواست کی ہے، تین گھنٹے پر محیط اس ملاقات میں مسلم لیگ (ن) کی مرکزی قیادت بھی موجود تھی جس میں اسپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق، وفاقی وزیر دفاع خواجہ محمد آصف، وفاقی وزیر منصوبہ بندی و ترقیات احسن اقبال، وفاقی وزیر قانون اعظم نذیر تارڑ، رانا ثناء اللہ، خواجہ سعد رفیق، سردار اویس خان لغاری، پرویز رشید سمیت دیگر اہم شخصیات شامل تھیں اس ملاقات میں جہاں نیشنل پارٹی کی قیادت نے میاں محمد نواز شریف کو بلوچستان میں گزشتہ دنوں پیدا ہونے والی پیچیدہ صورتحال، سیاسی و معاشی عدم استحکام، پسماندگی سمیت دیگر اہم قومی و سیاسی نوعیت کے مسائل سے آگاہ کیا وہیں ڈاکٹر عبدالمالک بلوچ نے میاں نواز شریف کو بلوچستان کے مسائل کے حوالے سے مختلف تجاویز بھی دیتے ہوئے ان سے بلوچستان کے سیاسی و دیگر مسائل کے حل کے حوالے سے کردار ادا کرنے کی بابت اپنا سیاسی و جمہوری کردار ادا کرنے کی گزارش کی ہے جس پر میاں نواز شریف نے اتفاق کرتے ہوئے بلوچستان کے مسائل کے حل کے لیے کردار ادا کرنے پر رضامندی ظاہر کی ہے، ملاقات میں نیشنل پارٹی کے وفد نے بلوچستان کے انتظامی و ترقیاتی مسائل کو بھی زیر بحث لاتے ہوئے وفاق سے نوجوانوں کے مسائل، طلبا کے اسکالرشپ سمیت بلوچستان کے بارڈر پر ہونے والی تجارت کو قانونی پوزیشن دینے اور ماہی گیری کے فروغ اور غیر قانونی شکار پر پابندی لگانے، بلوچستان میں جاری لوڈشیڈنگ اور کیسکو کے غیر ذمہ دارانہ رویے اور ٹرانسفارمروں کی مرمت نہ کرنے اور ایران سے بجلی کی فراہمی کو یقینی بنانے پر بھی زور دیا ہے، سیاسی مبصرین نے ڈاکٹر عبدالمالک بلوچ اور میاں محمد نواز شریف کے درمیان ہونے والی اس ملاقات کو اہمیت کا حامل قرار دیتے ہوئے کہا ہے کہ ملاقات میں ن لیگ کی پوری مرکزی قیادت کی موجودگی سے اندازہ لگایا جا سکتا ہے کہ نواز شریف اگر چاہیں تو بلوچستان کے معاملات میں اہم ادا کر سکتے ہیں۔


ادھر بلوچستان اسمبلی میں تیسری بڑی پارلیمانی جماعت جمعیت علماء اسلام نے مولانا عبدالغفور حیدری کی سربراہی میں وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی اور بی این پی کے سربراہ سردار اختر مینگل سے الگ الگ ملاقاتیں کر کے موجودہ صورتحال میں ثالثی کا کردار ادا کرنے کی پیشکش کی ہے، جمعیت علماء اسلام کے وفد نے وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے ملاقات میں بلوچستان میں امن وامان اور مجموعی صورتحال سمیت بلوچستان نیشنل پارٹی کے دھرنے پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا، جمعیت کے وفد نے موجودہ صورتحال میں ثالثی کا کردار ادا کرنے کی پیشکش بھی کی جس پر وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے حکومت کے موقف سے جے یو آئی (ف) کے وفد کو آگاہ کرتے ہوئے کہا کہ بلوچستان میں بحالی امن کا قیام حکومت اور اپوزیشن دونوں کی ذمہ داری ہے، جمعیت علما اسلام حکومت میں رہی یا اپوزیشن میں ایک ذمہ دار سیاسی قوت کے طور پر اپنا کردار ادا کرتی رہی ہے، جمعیت علما اسلام نے ہمیشہ ایک مثبت سیاسی کردار ادا کیا ہے جو لائق تحسین ہے، حکومت تمام سیاسی مسائل کا حل سیاسی مشاورت سے چاہتی ہے جبکہ بی این پی کے سربراہ سردار اختر مینگل سے مولانا عبدالغفور حیدری کی قیادت میں وفد نے ملاقات کرتے ہوئے انہیں بھی حکومت اور ان کے درمیان ثالثی کا کردار ادا کرنے کی پیشکش کی ہے، جمعیت علماء اسلام کے وفد نے سردار اختر مینگل سے ملاقات میں ان سے مطالبہ کیا کہ بلوچستان مزید کسی بھی بحران کا متحمل نہیں ہو سکتا، جمعیت اور بی این پی کے درمیان ہونے والی اس طویل ملاقات میں سردار اختر مینگل نے حکومتی رویہ پر شکوہ بھی کیا، جمعیت کے وفد نے سردار اختر مینگل سے دھرنا ختم کرنے کا مطالبہ کرتے ہوئے کہا کہ دھرنے کے باعث نقل و حمل متاثر ہونے سے اشیائے خورونوش کی قلت پیدا ہو رہی ہے، سیاسی مبصرین کے مطابق بلوچستان کی موجودہ سیاسی صورتحال میں جہاں ایک طرف حکومت اور اختر مینگل اپنے اپنے موقف پر ڈٹے ہوئے ہیں وہیں مفاہمتی سیاست کرنے والی جماعتیں نیشنل پارٹی اور جمعیت علماء اسلام صورتحال میں بہتری لانے کیلئے سامنے آنا خوش آئندہ اور مثبت عمل ہے، مستقبل میں بلوچستان کی سیاست پر اس کے گہرے اور اچھے اثرات مرتب ہو سکتے ہیں۔ اس مفاہمتی کردار سے سیاسی جماعتوں کے درمیان تعلقات اور سیاسی ماحول بہتر ہوگا۔

ادھر لکپاس دھرنے کے مقام پر بلوچستان کی مخدوش صورتحال، گرفتاریوں اور دھرنے کے بعد کی صورتحال کے حوالے سے ہونے والی آل پارٹیز کانفرنس میں شریک سیاسی جماعتوں نے بی این پی کے سربراہ سردار اختر مینگل سے حکمت عملی تبدیل کر کے لکپاس کے مقام پر جاری دھرنا ملتوی کرنے کا مطالبہ کرتے ہوئے کہا ہے کہ دیگر آپشنز پر غور کیا جائے، اس سلسلے میں کوئٹہ میں آل پارٹیز کانفرنس منعقد کی جائیگی اور مشترکہ حکمت عملی کے تحت جلسے، مظاہرے اور دھرنے دیئے جائیں گے اور ایک نئی تحریک کا آغاز کیا جائیگا، سیاسی جماعتوں کے مطالبہ پر غور اور دھرنے کے ممکنہ خاتمے کیلئے بی این پی کے سربراہ سردار اختر مینگل نے منگل کے روز پارٹی کی سنٹرل ایگزیکٹو کمیٹی کا اجلاس طلب کر لیا جس میں دھرنا ختم کرنے اور آئندہ کی حکمت عملی پر غور کیا جائیگا۔

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No.

Dated: 16 APR 2025 Page No.



چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان مالی سال 2025-26 کے لئے مختلف محکموں کے ترقیاتی منصوبوں کے حوالے سے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

Century Express Quetta



چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان بلوچستان بینک کے قیام کے حوالے سے منعقدہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں